Vol. II
No. 7

*Friday*
*18th September, 1953*

# HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY DEBATES

## Official Report

### PART II—PROCEEDINGS OTHER THAN QUESTIONS AND ANSWERS

CONTENTS


| | Page |
|---|---|
| L. A. Bill No. XX of 1953, a Bill, to further amend the Hyderabad Horse Racing and Betting Tax Regulation, 1358 F. .. (Passed) | 277 |
| L. A. Bill No. XIX of 1953, the Hyderabad Abkari Amendment Bill, 1953 (First Reading concluded) .. | 278–391 |


*Price: I.G. Five Annas.*


GOVERNMENT PRESS
HYDERABAD-DN.
1954

THE HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY

*Friday the 18th September*, 1953.

The House Met at Two of the Clock

[MR. SPEAKER IN THE CHAIR]

## Questions And Answers

(SEE PART I)

L. A. Bill No. XX of 1953, a Bill to further amend the Hyderabad Horse Racing and Betting Tax Regulation, 1358 F.

مسٹر اسپیکر - یل اے - بل نمبر ۲۰ - بابتہ ۵۳ع سے متعلق کوئی امنڈ منٹس نہیں آئے ہیں ایسی صورت میں میں اسکو کلاز بائی کلاز (Clause by clause) هاؤس کے سامنے رکھتا ہوں ۔

*Mr. Speaker :* The question is:

"That Clauses Nos. 2, 3, 4 and 5 stand part of the Bill".

The motion was adopted

Clauses 2, 3, 4 and 5 were added to the Bill.

*Mr. Speaker;* The question is :

"That the Short title, commencement and enacting formula stand part of the Bill".

The motion was adopted

The Short Title , Commencement and enacting formula were added to the Bill.

*Minister for Finance and Statistics (Dr. G. S. Melkote)* : I beg to move :

"That L. A. Bill No. XX of 1953, a Bill further to amend the Hyderabad Horse Racing and Betting Tax Regulation, 1358 Fasli, be read a third time and passed".

*Mr. Speaker :* The question is :

"That L. A. Bill No. XX of 1953, a Bill further to amend the Hyderabad Horse Racing and Betting Tax Regulation, 1358 Fasli, be read a third time and passed."

The motion was adopted.

*Mr. Speaker* : We shall now take up the next item.

## L. A. Bill No. XIX of 1953, the Hyderabad Abkari (Amendment) Bill, 1953.

శ్రీ గోపిడి గంగారెడ్డి: (నిర్మల్—జనరల్) :—

అధ్యక్ష మహాశయా,

నిన్న నేను మాట్లాడుచుండగా సమయము అయిపోయింది.

مسٹر اسپیکر - اگر تقریر ہندی میں ہو تو بہتر ہوگا۔

[Mr. Deputy Speaker in the Chair]

శ్రీ గోపిడి గంగారెడ్డి: ఉర్దూలో మాట్లాడిన ఏవైతే నా విచారాలున్నాయో వాటిని పూర్తిగా మీముందు పెట్టజాలను.

గౌడుల మొర ఆలకించుటకు ఆబ్కారీ శాఖకు చెవులు లేవని, వున్నప్పటికీ వినడానికి లేకపోయాయని, అయితే చెవులు లేక పోయినా కళ్ళు అయినా వున్నాఏమో ననుకున్నాను. నేను చూస్తున్నాను. ఇక్కడ మొత్తం గౌరవ సభ్యులు ౧౭౫ మంది వున్నారు. వారు తమ తమ ప్రతి హాల్కాలోనూ తిరిగినప్పుడు, ప్రతిచోట ఆబ్కారీ చెట్లు నెంబరువుండి గీసినవి ఎన్ని వున్నాయి, బిలానెంబరు అందాజా గీసినచెట్లు ఎన్ని వున్నాయి, చూసి వారు హృదయపూర్వకంగా ఛాతీమీద చేయి వేసుకొని చెప్పమనండి. మరి ఎందుకని ఆబ్కారీశాఖవారు వాటిని చూడడంలేదు. మొర ఆలకించడానికి చెవులు లేక, చూడడానికి కళ్ళులేక ఇది ఒక అనాథ శరణాలయంలో—గుడ్డి, కుంటి, చెవిటివాళ్ళు చేరినట్లున్నది. ఏదైతే ఇక్కడ చట్టము తెస్తారో, దానిని గురించి స్పష్టముగా మంత్రివర్గము చెప్పగలిగేదేమంటే—"మేము మద్రాసు సిస్టము నకలు చేశాము, బొంబాయి సిస్టము, ఛరిస్సా సిస్టము; మధ్యప్రదేశ్ సిస్టము నకలు చేశాము, అని ఆ సిస్టమ్సు ( Systems ) చూడండి అని చూపిస్తారు. ఇవన్నీ వింటూంటే నా చిన్నతనంలో చూచినది ఒకటి ఈ విధంగానే "చలో బొంబాయి తమాషా చూడండి, బొంబా తమాషా చూడండి" అని చూపించిన బొమ్మలు గుర్తుకు వస్తున్నాయి. ఆ విధంగానే ఇక్కడ కూడా "అక్కడ చూడండి, ఇక్కడచూడండి, బొంబాయిచట్టం చూడండి, మద్రాసు సిస్టము చూడండి" అని చూపిస్తారు. ఏమి? ఈ హైదరాబాదులో వున్నవారికి మేధస్సు లేదా? జ్ఞానము లేదా? విజ్ఞానము లేదా? శూరత్వము లేదా? వీరత్వములేదా? కాని ప్రతిదీ నకలు చేస్తారు. నకల్ నవీస్రా, అఖల్ న బాషద్—అన్నట్లుంది. ఎప్పుడు చూసినా ఇదే విధముగా వుంది. ఎప్పుడూ ప్రక్కన ఉన్నవారిని నకలు కొట్టటమే. ఈ విషయమై ఉదాహరణగా ఒక కథ జ్ఞాపకం వస్తోంది—ఒక గ్రామంలో ఒక కాపు, ఒక పద్మశాలి వ్యవసాయం చేస్తూండేవారు. కాపువాని చేనుపేరు నువ్వుచేను అయినా దానిలో జొన్నవేశాడు. పద్మశాలీది నువ్వుచేను. ఆ కాపు ప్రొద్దున మంచి సాయంత్రం వరకు తనచేనులో ఏపని చేస్తే దానిని ఆ పద్మశాలీ కాపీ కొట్టేవాడు. ఒక రోజున ఆ కాపు తన కొడుకులతో చెప్పాడు: తెల్లవారి నువ్వుచేనుకు ఎట్టం కొట్టాలన్నాడు. ఆ ముచ్చటను పద్మశాలి విని తనకొడుకులతో కూడా—మన నువ్వుచేనుకు తెల్లవారి ఎట్టం

కొట్టాలన్నాడు. కాపువాని చేను పేరుకు, నువ్వుచేను అయినప్పటికీ దానిలో వేసినది జొన్న. ఆ ప్రకారం పద్మశాలి కొడుకులు తమ నువ్వుచేనుకు ఎట్టుంకొట్టారు. ఆ విధంగా వున్నది. మన ప్రభుత్వంవారు ఇతర సిస్టములను నకలుకొట్టామని చెప్పడం. మిగత రాష్ట్రములలో ఈ గౌడులను వెనుకబడ్డ జాతి వాళ్ళలో చేర్చలేదు. కాని హైదరాబాదులో వాళ్ళను వెనుకబడ్డ జాతిలో చేర్చారు. అటువంటప్పుడు అక్కడ సిస్టమును ఇక్కడ నకలు చేస్తే ఏమి లాభం కలుగుతుందో ఆలోచించండి. ఇక్కడవారికిమాత్రం తెలివిలేదా? శూరత్వములేదా? హైదరాబాదు రాష్ట్రం అంటే ఎంతో శూరత్వంగల రాష్ట్రం. మనం ఇతరులనుంచి నకలు కొట్టడం ఎందుకు? అందుకనే ఇది "బొంబాయి తమాషా చూడండి" అన్న విధంగా వుందని చెప్పాను.

ఇంకొక విషయం. ఈ "అబ్కారీ" బిరుదుకు కూడా ఒక సవరణ తేవాలని నా వుద్దేశం. ఏవిధంగా నైతే "ఆసఫ్‌జాహి రాజ్" కి "హింద్ సర్కార్" అని "తాలూకాదారు" కు "కలెక్టరని" సవరణ తెచ్చారో, ఆ విధంగా ఈ అబ్కారీకి కూడా తేవాలి. ఇది అబ్కారీకాదు "అపకారి" అని అంటాను. ఎందుచేతనంటే ఈ సారా మొదలైన నిషా పానీయములు త్రాగుట వలన ప్రజలకు ఎంత మేలున్నది, ఎంత కీడున్నదీ ఆలోచిస్తే, నేను చెప్పిన "అపకారి" బిరుదు సరిపోతుంది. దీనివలన ఎవరికి మేలు లేదు. ఇంకా ఈ చట్టం పరిశీలిస్తే ఏ విధంగా వున్నదంటే ఒక షాహుకారు వద్దకుపోయి "కందిపప్పు వున్నదా అంటే" 'కందిపప్పు' దొరుకదు 'పెసరపప్పు' తీసుకో అని అంటాడు. ఈ గౌడ శాసనంలో ౧౦వ దఫా, (పదవ శ్లోకం) చూడండి. దానిలో ఏమని చెప్పబడి వుందో చూస్తే తెలుస్తుంది—జరీదాలో ఐలాను చేసి, సారాబట్టి పెట్టుకొని ఇంట్లో కూర్చొని త్రాగవచ్చునట. ఇది ఎవరి విషయం ఐలాను చేస్తారు? ఆనాడు పెద్దపెద్ద బిరుదులు కలిగినవారు, జమీందార్లు, జాగీర్దార్లు—అటువంటివారికి ఐలాను చేస్తారు ఇంటిలో సారాబట్టి పెట్టుక త్రాగవచ్చునని. దానివల్ల తాత్కాలికంగా త్రాగేవారుకూడ ఇంటికి పోయి త్రాగుతారు.

ఇంకా ౨౩వ దఫా చూసినట్లయితే, దానిలో రకం వసూలు విషయమై తర్మీం తెచ్చారు. కంట్రాక్టరు తన షిక్మీదారులనుంచి రావలసిన బకాయీల వసూలు, మాల్‌గుజారీ బకాయీలవలె కలెక్టరుద్వారా వసూలు చేయవచ్చునట. దీనికి కలెక్టరుకు ఫుల్ పవరు ఇవ్వవలెనట. ఇప్పుడు కలెక్టరు అబ్కారీ శాఖకు రకం వసూలుచేసి ఇప్పించాలట. మొదట పై వాండ్లకు కళ్ళులేవు వారి క్రిందివాండ్లు కలెక్టర్లు. దీనిలోవున్న దఫా ఏమిటి? కంట్రాక్టరు ప్రభుత్వానికి రకము దాఖలుచేసిన వెనుక అతనికి ఎగగొట్టినవారినుంచి కలెక్టరుద్వారా వసూలు చేయవచ్చునని ఉన్నది. కంట్రాక్టరు తన పనులు వదిలి అదాలత్‌లో కార్వాయి చేసుకోవాలి. దీని విషయం ఐలాను చేయడానికి ఏమి గుంజాయిష్ ఉంది? షిక్మీదారుల బాధ్యత ఉంది. ఆ ముక్క మరచిపోయారు. అది ఎందుకు చేర్చలేదు? కంట్రాక్టర్లు షిక్మీదారులకు, షిక్మీదారులు, త్రాగేవారికి ఐలాను చేస్తారు. ఈయన రకం కట్టకపోతే ఫుల్‌పవరు కలెక్టరుకు వారివద్దనుంచి వసూలు చేయడానికి ఇస్తే బాగుంటుంది. ఈ విషయం చేర్చమని మంత్రిగారిని ప్రార్థిస్తున్నాను.

ఇంకొక సంగతి ఏమిటంటే, దఫా ౧౩—ఎ లో ఏమున్నది? లైసెన్సు పొందకుండా గీయబడిన చెట్లకు పన్ను, ఆ చెట్లు గీసేవానినుంచిగాని, తప్పితే ఆ కౌలుదారువద్దనుంచిగాని, తప్పితే ఆ చెట్లు

ఎవరిస్వాధీనములో యున్నాయో వారినుంచిగాని, తప్పితే ఎవరిమీద సాబిత్ వుంటే వారినుంచి వసూలు చేసెదరని వున్నది. ఆ గ్రామాల్లో ఆబ్కారీ ఇన్‌స్పెక్టరు గాని, సబ్-ఇన్స్పెక్టరుగాని దౌరా చేసినప్పుడు ఆ రోజు లోపలనుంచి ఖిలాపువర్జీచేస్తే ఆ గ్రామానికి ఆబ్కారీ ఇన్స్పెక్టరు వచ్చినప్పుడు ఎవరిమీద ఖిలాఫ్‌వర్జీలున్నాయో వానిపై బాధ్యత వుంటుంది. కాని అది చూడరు. ఇప్పుడు ఏమి చేశారు ? పట్టాదారుమీద బాధ్యత లేకుండా, కౌలుకు భూమిని తీసుకొన్నవానిమీద బాధ్యత పడుతుంది. గీత గీసినవాడు హాయిగా పోతాడు. ఎవరి క్రింద అయితే ఆ భూమి వుంటుందో వాళ్ళనుంచి ఈ మాసూలు వసూలు చేయడానికి ఈ తర్మీం తెచ్చాడు. దీనినుంచి త్రాగేవాడు తప్పించుకు పోతాడు. గీసేవాడు తప్పించుకుంటాడు. ఆ చెట్టువున్న చేనుచేసే వాడినుంచి మాసూలు వసూలు చేస్తారు. కాని ఆ కౌలుదారు ఆ చేలో ఎప్పుడూ వుండడు. అరికలు వేస్తే ఆ పంట తయారయ్యేటప్పటికి మూడు నెలలే పడుతుంది. తరువాత ఆ కౌలుదారు తొమ్మిది నెలలవరకు ఆ చేనుకు వెళ్ళడు. మళ్ళీ ఉగాది సంవత్సరాది పండుగ నాటికి పోతాడు. అటువంటివాని మీద ఈ చట్టము తీసుకువచ్చి రుద్దుతున్నారు.

ఇప్పుడు నేను అనుకునేది, ఈ గౌడశాసనాన్ని సెలెక్టు కమిటీకి అప్పగించెదరని అనుకుంటాను గాని, దానిమీదకూడా కొద్ది అనుమానము కలుగుతోంది. ఎందుచేతననగా, భూసంస్కరణల విషయంలోకూడా సెలెక్టు కమిటీకి పంపినందువలన ఏమీ లాభం లేకపోయింది. ఇప్పుడు దీనిని కూడా సెలెక్టు కమిటీకి పెడదామని అనుకున్నా, నమ్మకంలేకుండా వుంది. ఇక్కడ మా కళ్ళ ముందట ఏమి చేస్తారో చూడకుండా, సెలెక్టు కమిటీ ముందర పెడతారనుకుంటా. దాని విషయం ఇప్పుడు మాట్లాడడానికి వీలులేదు. మళ్ళీ సవరణలు తెచ్చినప్పుడు మాట్లాడదలచుకొన్నాను. ఇంకా గౌరవసభ్యులు మాట్లాడడానికి మౌకాఇచ్చి నా భాషణ సమాప్తము చేస్తున్నాను.

شری-بی ڈی- دیشمکھ ( بھوکردن - عام ) - مسٹر اسپیکر سر - ھاؤز کے سامنے جو آبکاری امنڈمنٹ بل آیا ھے وہ صرف ایک چھوٹا موٹا قانون نہیں ھے بلکه قانون آبکاری حیدرآباد سنه ۱۳۱۶ف اور اسکے بعد کی ترمیمات میں پالیسی کے طور پر بل کی اسپرٹ کو تبدیل کرتے ھوئے ایک دوسرا مکمل قانون ھاؤس کے سامنے لایا جارھا ھے - میں کہونگا که اس قسم کا قانون لانا آج حیدرآباد میں ھمارے اور کانگریس حکومت کے لئے شایان شان نہیں ھے - آج ھم یه توقع کررھے تھے که مہاتما گاندھی کے اصولوں پر چلنے کا دعوی کرنے والے مکمل نه سہی توکم ازکم پروھیبیشن کا ایک خاکه ھی اصولوں کے طابق ھاؤس کے سامنے لائینگے - کانگریس یه دعوی کرتی تھی اورکرتی ھے که ھم تعیشات اور منشی اشیاء کے استعمال کے مخالف ھیں - چنانچه دستور میں بھی اسکو لانے کی کوشش کیگئی - گو میں پروھیبیشن ( Prohibition ) کی پالیسی کا مخالف ھوں اور اس بارے میں میری پارٹی برسراقتدار جماعت کے خلاف نظریه رکھتی ھے - میں یه بھی مانتا ھوں که اگر منشی اشیاء کا استعمال حد سے زیادہ ھونے لگے تو اسکو روکنا چاھئے - اور سماج کو اس قابل بنانا چاھئے که وہ اس برائی کو دور کرسکے - کانگریس نے بھی اسکا دعوی کیا تھا - اورآج متصله صوبوں میں بھی اس بارےمیں پروھیبیشن کا کام ھورھا ھے -

اور پورے ھندوستان میں پروھیبیشن کی مہم جاری کرنے کی کوشش ھونے والی ھے - ھاؤس کے ممبرس کو اسمبلی سکرٹیریٹ کی جانب سے بمبئی پریسیڈنسی کا ایک پمفلٹ تقسیم کیا گیا ھے - اسکو دیکھنے سے یہ معلوم ھوتا ھے کہ حکومت پورے ھندوستان میں پروھیبیشن کی پالیسی اختیار کرنے کا ارادہ رکھتی ھے - لیکن اسکے برخلاف حکومت حیدرآباد یہ چاھتی ھے کہ اپنا خزانہ بھرنے کیلئے عوام کی محنت اور گاڑھی کمائی کا پیسہ کسی طرح بھی حاصل کیا جائے - ھم جب ھمارے آبکاری کے محکمہ کی تاریخ دیکھتے ھیں تو معلوم ھوتا ھے کہ پہلے اس محکمہ کی آمدنی ایک کروڑ روپیے تھی اور اب ۱۲ کروڑ روپیے ھوگئی ھے - اور یہ ھمارے بجٹ میں آمدنی کا بڑا اھم جزو ھوگیا ھے - میں کھونگا کہ مہاتما گاندھی کے فالوورس کی حکومت کیلئے یہ بات شایان شان نہیں - پروھیبیشن کوتو چھوڑیئے اضافہ آمدنی کے لئے اس قانون میں اور سختیاں پیدا کیگئی ھیں - اور اسکے لئے قانون سازی کے اصول کو نظر انداز کیا گیا ھے - قانون معاھدہ کو نظر انداز کیا گیا ھے - آبکاری کے جملہ قوانین نظر انداز کئے گئے ھیں اور من مانے طور پر ایک عجیب قانون ھاؤس کے سامنے پیش کیا گیا ھے - اس میں بعض دفعات اور خصوصاً دفعات ۴-۶-۷-۱۳-۱۴-۴ دیکھنے سے ایسا معلوم ھوتا ھے کہ بالکل مطلق العنانی سے قانون بنایا جارھا ھے - یہاں حیدرآباد میں لیجسلیٹیو اسمبلی موجود ھوتے ھوئے بھی حکومت یہ سب اختیارات اس سے حاصل کرلینا چاھتی ھے - اور ان اختیارات کے تحت سیاسی مصلحت یا خانگی مفادات یا شخصی اغراض کو پورا کرنے کیلئے استعمال کرناچاھتی ھے - یہ قطعاً ملحوظ نہیں رکھا گیا ھے کہ جمہوریت میں ایسا قانون نہیں بنایا جانا چاھئے جبکہ اسٹیٹ میں اسمبلی موجود ھے - اور اسٹیٹ پر لاگو ھونے والے تمام رولس اسمبلی کے سامنے آنا ضروری ھے - ھم نے اس قسم کی مانگ بارھا کی ھے - اس قانون کے ذریعہ رولس اور ریگولیشنس بنانے کا حق بھی اپنے لئے محفوظ کرلیا جارھا ھے - یعنی یہ دفعات کسی بھی ایریا پر کسی بھی طبقہ پر کسی بھی وقت جسطرح چاھیں استعمال کئے جاسکتے ھیں - اس میں ایسے دفعات وضع کئے گئے ھیں - یہ بل جمہوریت کے وقار کے مغائر ھے - میں دفعہ (۴ - بی) کی طرف ھاؤس کی توجہ مبذول کراتا ھوں - متعلقہ منسٹر وضاحت کریں کہ یہ دفعہ کس تصور کے تحت وضع کیا گیا ھے - یہاں یہ بیان کیا گیا ھے کہ

**Power of Government to exempt any articles or any area from the operation of this Act.**

احکام نافذ ھونے کے بعد اسکو لاگو کرنے کیلئے بھی اعلان کیا جائیگا - یعنی حسب خواھش من مانے لاگو کرنے کیلئے موقع رکھا جارھا ھے - کہا گیا ھے کہ

"The Government may by notification in the Jarida and subject to such conditions as it may think fit to prescribe, exempt any liquor or gulmohwa either wholly or partially from all or any provisions of this Act either generally or in any

specified area or for any specified period or occasion or as regards any specified person or class of persons".

یہ دفعہ میری سمجھ سے باھر ہے - کیا حکومت یہ چاھتی ہے کہ حسب منشأ اسکو عائد کرتی رہے - جیسے ڈسٹرکٹ لوکل بورڈ کا اعلان ھوجائے تو ایسی صورت میں حکومت اگر چاھے تو کسی طبقے کیلئے یہ چیزیں استعمال کے لئے کھلی کردے - ھوسکتا ہے کہ کسی سیاسی مصلحت کے تحت اس اختیار کا استعمال کیا جائے - ھوسکتا ہے کہ کسی کے انفرادی انٹرسٹ کیلئے یہ اختیار استعمال کیا جائے - کسی اجتماعی انٹرسٹ کیلئے اس کا استعمال ھو - اور اس سے ناجائز فائدہ اٹھایا جائے - اسطرح مبہم طور پر اس دفعہ کو رکھنے سے آخر کیا مطلب ہے -

دفعہ (۶) میں یہ ہے کہ

Licensee may issue permits for transport.

اس دفعہ میں بھی لوپ ھولس رکھے گئے ھیں - اس میں بھی پرسنل انٹرسٹ کی گنجائش رکھی گئی ہے -

"Where a contract for selling sendhi at a particular place and for a specified time is granted under Section 4 to any person, Government may, by notification in the Jarida, declare that such a grantee shall be competent to issue licence for transport of sendhi in such quantity and subject to such conditions and restrictions as may be prescribed by the Government in this behalf, and a licence so issued shall have the same effect as that granted by the Collector or any lawful authority under Section 15."

اصول قانون کی روشنی میں دیکھا جائے تو اس میں بہت سی خوبیاں نظر آئینگی - دفعہ (۷) میں عجیب عجیب چیزیں رکھی گئی ھیں - دفعہ یہ ہے کہ -

Procedure for the recovery of Excise dues and connected dues.

اس بارے میں میں منسٹر صاحب متعلقہ سے اس امر کی وضاحت چاھتا ھوں کہ گتہ دار یا اسکا ضامن سابقہ قانون کے لحاظ سے ذمہ دار گردانا جاتا ہے - جسکا معاھدہ گورنمنٹ کے ساتھ ھوتا ہے اسکے ساتھ ذمہ داری محدود رھتی تو ھم کو کوئی اعتراض نہیں ھوسکتا تھا - دفعہ (۴۱) موجود ہے جسمیں اگر کوئی شخص ضمنی طور پر کسی کو اپنے ساتھ شریک کرلیتا ھو تو اسکی اطلاع حکومت کو دینی پڑتی ہے - دفعہ (۴۲) میں ایسی اطلاع دینے کا لزوم رکھا گیا ہے - اسکا حوالہ دفعہ (۷) میں دیا جاسکتا تھا جس سے یہ سمجھا جاتا کہ اس شخص کو جسنے ضامن کے ساتھ معاھدہ کیا ہے اس معاملہ میں حکومت اس سے ڈیوز حاصل کرنا چاھے تو وہ مطابق معاھدہ ھوتا - لیکن یہاں دفعہ (۷) یہ ہے کہ

"....every such person who may have occupied the business relating to such lease to the extent of the amount due from him to the lessee in respect of the period of occupation of such person, as if they were arrears of land revenue".

ایک بڑا گته دار هوتا هے - وه ذیلی طور پر خانگی حیثیت میں گتے دیتا هے - ان ذیلی داروں سے وه رقومات حاصل کرتا هے - لیکن اب حکومت یه چاهتی هے که اس قسم کے ذیلی گته داروں سے بهی وصولی رقم کا اختیار حاصل کرے - تجربه اس امر کا شاهد هے که بڑے بڑے گته دار دیهاتوں میں بذات خود سیندهی تراشنے کا کام انجام نہیں دیتے - بلکه ۱۰۰-۱۰۰۰- ۲۰۰-۵۰۰. درخت چهوٹے ذیلی گته داروں کو دیدیتے هیں - یه چهوٹے لوگ سهینے میں یا هفتے میں مقرره رقم گته دارکو اداکردیتے هیں - انکے معاهدے زبانی هوتے هیں - حکومت کو انکا علم بهی نہیں هونے پاتا - اگر حکومت چهوٹے ذیلی داروں پر بهی ذمه‌داری عائد کرنا چاهے تو ایسی صورت میں ممکن هے که گته دار جو خود تو لاکهوں روپیے کا فائده کہاتے هیں وه بچ نکلیں اور ذیلی دار جو محض اپنی روزی حاصل کرنے کیلئے چهوٹا معامله حاصل کرتا هے وه پکڑا جائے - دفعه ۷ اگر دفعات ۴۱ اور ۴۳ (۳) کی روشنی میں مدون کیا جاتا تو اس قسم کا شبه کرنے کی گنجائش نهوتی - موجوده صورت میں یه دفعه بالکل ویگ طور پر رکها گیا هے -

اسی طرح دفعه (۱۰) بهی مطلق العنان طور پر رکهه لیکر اختیارات حاصل کئے جارهے هیں - سابقه دفعه ۱۰ میں ایک پراویزو بڑهایا جارها هے - اس دفعه کے لحاظ سے پہلے کاروبار کیلئے لائسنس کی ضرورت رکهی گئی تهی - لیکن اب پراویژو یه هے که

"Provided that the Government may, by notification in the Jarida, direct that in any local area it shall not be necessary to take out licence for the manufacture of liquor for bona-fide home consumption".

یه سمجه میں نہیں آتا که کس طبقه کیلئے استثناء چاها جارها هے - هم سنتے تهے که یہاں شیوراج بهادر هیں جنهیں بلا اجازت بهٹیاں لگانے کی اجازت هے وه رنگیلی کهڑکی میں اپنا کاروبار انجام دیتے تهے - ممکن هے ایسے هی لوگوں کو نظر میں رکهکر منسٹر صاحب متعلقه یه اختیار لینا چاهتے هوں - یا جنگلی طبقات کیلئے جنکا کاروبار جنگل میں رهتا هے - لیکن اس دفعه کا کوئی واضح مفهوم سمجه میں نہیں آتا که آخر اس کی کیوں ضرورت محسوس هوئی - جب آپ لائسنس کی شرط رکهه رهے هیں تو یه شرط سب کیلئے هونی چاهئے - لیکن بلا وضاحت اس سے استثنائی صورت پیدا کرنا کوئی معنی نہیں رکهتا - اسکے بعد دوسرے بهی ایسے دفعات اسمیں موجود هیں - ۱۹ - اے کے بارے میں منسٹر متعلقه سے کچه کهنا چاهتا هوں - موٹر - لاری یا بنڈی کو ضبط کرنے کا اختیار اسمیں رکها گیا هے - میں پوچهتا هوں که اس کے نفاذ سے اب تک کتنی بنڈیاں کتنی لاریاں اورموٹریں گرفتار کیگئی هیں اور ضبط کیگئی هیں - اگر نہیں هوئی هیں توکیا حکومت نے ان کے

ساتھ کوئی رعایت برتی ہے ۔ میں کہونگا کہ اس دفعہ کی وجہ سے عہدہ داران آبکاری کو مزید سہولت ملی ہے ۔ رشوت خواری کا بازار اور زیادہ گرم ہوگیا ہے ۔ تمام خلاف ورزی کرنے والوں کو چھوڑدیا جاتا ہے ۔ حکومت نے تو اس دفعہ کو لاگو کرنے میں کوئی کوتاہی نہیں برتی تاہم میں کہونگا کہ ان لوگوں کے لئے جو آبکاری کے محکمہ میں ملازم ہیں ایک جدید ذریعہ آمدنی بن گیا ہے ۔ بہت سے دوست بیان کرتے ہیں کہ دفعہ ۱۹ - اے کیوجہ سے رشوت خواری بڑھگئی ہے ۔ دوسری چیز یہ ہے کہ ہر قانون کی رو سے سزا دینے والے عہدہ دار کی تجویز کی ناراضی سے مرافعہ یا نگرانی کا حق دیا گیا ہے یہی اصول قانون ہے ۔ اس قانون آبکاری میں دفعہ ۴۰ سابقہ قانون آبکاری کے سکشن ۴۵ کو منسوخ کرنے کیلئے ترمیاً پیش کیا گیا ہے ۔ سابقہ دفعہ ۴۵ کی رو سے اپیل ۔ مرافعہ یا نگرانی کا جو حق تھا وہ اس دفعہ کے تحت منسوخ کیا گیا ہے ۔ میں نہیں سمجھتا کہ اس سے سخت ترمیم اور کیا ہوسکتی ہے ۔ میرے خیال میں یہ ترمیم انصاف کے مغائر ہے ۔ ایسی دفعہ جس سے انصاف کا دروازہ بند ہوجائے کسی قانون میں لانا مناسب نہیں ہے ۔ جیسا کہ سابقہ موقعوں پر منسٹر متعلقہ نے حکومت کی پالیسی کے طور پر کہا ہے کہ آبکاری کے تعلق سے وہ سوچ رہے ہیں کہ درمیانی لوگوں کے تعلق کو منقطع کیا جانا چاہئے ۔ راست جو شخص درخت تراشتا ہے اوسکے اور حکومت کے درمیان گتہ دار ۔ اڑتیہ وغیرہ نہیں رہنا چاہئے ۔ لیکن دیکھا یہ جارہا ہے کہ درمیانی لوگوں کو جو نفع خوری کے مواقع حاصل تھے وہ اب بھی حاصل ہیں ۔ پروہیبیشن کے لحاظ سے نشہ بندی کرکے گتہ دار اور درمیانی نفع اندوزوں کو نفع حاصل کرنے سے روکنے کے تدابیر اختیار کرنے کی بجائے انکو مزید مواقع فراہم کئے جارہے ہیں ۔ لیکن انکے لئے یہاں دفعہ ۱۳ کی ذیلی دفعہ ۲ رکھی گئی ہے ۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ درخت تراشنے والوں کو تحصیل میں درخواست دینا اور پیروی کرنا پڑتا ہے اسکے بعد رقم وصول ہوتی ہے ۔ انکو یہ لالچ دیگئی ہے کہ انکا جو حصہ ملتا ہے وہ تحصیل کے خزانہ میں جمع کیا جائیگا لیکن ذمہ داری جو ان پر عائد کیگئی ہے وہ اتنی بھاری ہے کہ اسکو قبول کرنا انکے لئے مشکل ہے ۔ تراشنے والے اور اکوپنٹ ( Occupant ) اس قانون کی زد میں آجاتے ہیں ۔ یہ ایسی دفعہ ہے کہ اس سے ان پر بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے ۔ خلاف ورزی کی صورت میں بھاری سے بھاری سزا کے وہ مستحق قرار پاسکتے ہیں ۔ جن مسائل پر غور کیا گیا ہے وہ یہ ہیں کہ آبکاری کی آمدنی کو کسطرح بڑھایا جاسکتا ہے ۔ بقایا کو سختی سے سخت طریقہ سے کسطرح وصول کیا جاسکتا ہے ۔ بڑے بڑے گتہ داروں کی سہولت کی خاطر نئے نئے میدان کسطرح کھولے جاسکتے ہیں ۔ یہ چیزیں پیش نظر رکھی گئی ہیں ۔ اسکے لئے یہ آھنی قانون بنایا گیا ہے ۔ حکومت کے خزانہ میں دن دونی رات چوگنی ترقی کسطرح کیجاسکتی ہے ۔ آبکاری کا قانون اسطرح بنانے کی کوشش کیگئی ہے کہ کسی طرح حکومت کا خزانہ بھرجائے ۔ یہ تصور جمہوریت کے ماتھے پر ایک بدنما داغ ہے ۔ میں نہرو جی اور مہاتما گاندھی جی کے کمپٹیشنس اگر برسراقتدار پارٹی کے سامنے رکھوں تو وہ یہ محسوس کرینگے

کہ انہوں نے جو تصور پیش کیا تھا اسکی خلاف ورزی ہورہی ہے - مہاتما گاندھی جی کا جو کوٹیشن شائع ہواہے وہ یہ ہے کہ

"You will not be deceived by the spacious argument that India must not be made sober by compulsion and that those who wish to drink must have facilities provided for them. The State does not cater for the vices of its people. We do not provide facilities for thieves to indulge their propensity for thieving. I hold drink to be more damnable than thieving and, perhaps, even prostitution. Is it not often the parent of both ?

—MAHATMA GANDHI"

مہاتما گاندھی کا یہ جملہ پمفلٹ میں لکھا گیا ہے - ان خیالات کو برسراقتدار کانگریس پارٹی کو سامنے رکھنا چاہئے - ایک طرف منشی اشیاء کے استعمال کو روکنا چاہتے ہیں اورملک کے تعلیمی حالات کو سدھارنا چاہتے ہیں - کانسٹی ٹیوشن کی دفعہ ۴۷ کو سامنے رکھیں توآپکو معلوم ہوگا کہ یہ بل اسکے منشاء کے مغائرہے - یہ بل آبکاری کی آمدنی میں اضافہ کرنے والا بل ہے - یہ نشہ بندی کا بل نہیں ہے بلکہ نشہ کو بڑھانے کی ترغیب دینے والا بل ہے - آمدنی کو بڑھانے کے جملہ مواقع اسمیں رکھے گئے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ یہ بل برسراقتدار پارٹی کے نیتاؤں کے کئے ہوئے وعدوں سے انحراف کرتا ہے - میں آنریبل منسٹر متعلقہ سے درخواست کرونگا کہ اس قانون میں کوئی ایسی چیز نہ ہونی چاہئے - اسمبلی کے ایک سشن سے دوسرے سشن کے درمیان اسمبلی میں لائے بغیر کوئی ایسی ترمیمات نہ کرنی چاہئیں جو ناگہانی ضروریات کی وجہ سے ناگزیر تھیں کہکر کیجاتی ہیں - ایسی گنجائش کسی ترمیم میں نہ ہونی چاہئے - مجھے امید ہے کہ ہاؤس میں جو بل لایا گیا ہے اسپر سنجیدگی کے ساتھ غور کیا جائیگا -

**شری کے - وینکٹ رام راؤ** (چناکنڈور) - اس بل کو دیکھتے ہوئے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ قانون آبکاری میں جتنے دفعات ہیں ان سب میں ترمیم کیگئی ہے - یہ نہیں معلوم ہوتا کہ اس بل کی تدوین میں کن نظریوں کو پیش نظر رکھا گیا ہے اور کن پہلوؤں کو مدنظر رکھا گیا ہے - یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہاں بھی مدراس یا کہیں کے قانون کی اندھا دھند نقل کردیگئی ہے - بل پر ڈسکشن کرتے وقت ان تمام امور پر غور کرنا ضروری ہے - جب یہ سنا گیا کہ اس قانون میں چند ترمیمات لانے کی منسٹر صاحب متعلقہ کوشش کررہے ہیں تو آبکاری کے معاملات سے تعلق رکھنے والوں کو یہ خیال ہوا کہ شاید ہمارے حالات کی کچھ اصلاح ہوگی - مستاجرین - کلالوں اور پٹہ داروں کے باہمی تعلقات میں بہتری پیدا کرنے کی کوشش کیجائیگی لیکن ہوا یہ کہ پٹہ داروں اور مستاجرین کے حقوق کا اس میں لحاظ رکھا گیا اور دوسرے طبقات کو نظر انداز کردیا گیا - اس سے پہلے جو لوٹ کھسوٹ تھی اسکو جاری رکھنے کی کوشش کیگئی ہے - جہاں کہیں ایسی

صورت تھی کہ اس سے غریبوں کو فائدہ پہنچے تو ایسے دروازوں کو بند کرنے کی کوشش کیگئی ہے ۔ اس نقطہ نظر سے دفعہ ۴۳-۴۴ پر جب ہم غور کرتے ہیں تو دفعہ ۷ کے لحاظ سے اکوپائیر آف دی کنٹراکٹ ( Occupier of the contract ) سے حکومت اپنے متعلق رقومات وصول کرنا چاہتی ہے ۔ وصول کے سلسلہ میں جتنی بھی سخت سے سخت تدابیر اختیار کیجاسکتی ہیں کیجاتی ہیں ۔ دفعہ ۴۴ ہمارے سامنے ہے ۔ کوئی مستاجر سرکاری رقم بے باق کردے تو حکومت اسکی امداد کرنے کیلئے تیار ہے ۔ صرف سرکاری بقایا بے باق کردے تو کلالوں سے جو رقم مستاجر کو وصول طلب ہے وہ حکومت وصول کرکے دلائیگی ؟ ( کلالوں سے میرا مطلب کسی خاص فرقہ سے نہیں ہے بلکہ میں صرف اوس پروفیشن کے تعلق سے کہہ رہا ہوں ۔ کلالوں میں تلنگے بھی ہیں ۔ مالا بھی ہیں اور ہریجن طبقہ بھی اس پیشہ میں نظر آتا ہے ) اگر کوئی کلال سرکاری رقم بے باق نہ کرے تو سرکار اور مستاجر دونوں ملکر تیار ہوجائینگے کہ وہ رقومات کلا لوں سے وصول کریں ۔ بعض شرائط اس میں عائد کئے گئے ہیں ۔ اگر کوئی رٹن اگریمنٹ ہوتو اسکو تعلقدار کے سامنے پیش کیا جائیگا ۔ دفعہ (۱۴) کی موجودگی میں دفعہ (۷) اور (۴۴) کے اختیارات استعمال کئے جاسکتے ہیں یا نہیں یا اسکے استعمال سے حکومت کو ممنوع کرنا چاہئے اسکے متعلق میں بعد میں اپنے خیالات کا اظہار کرونگا ۔ لیکن ان دونوں دفعات کے دیکھنے سے یہ مطلب نکلتا ہے کہ مستاجر اور حکومت دونوں ملکر بقیہ لوگوں یعنی کسانوں اور کلالوں پر حملہ کرنے کے لئے اپنی قوتوں کو منظم و متحد کررہے ہیں ۔ اس سلسلہ میں دفعہ (۱۳) الف اور (ب) کو بھی ملاحظہ میں لیا جائے تو میرے کنٹنشن ( Contention ) کی تائید ہوگی ۔ دفعہ (۱۳) کے تحت کسی کی مقبوضہ اراضی میں کوئی درخت تراشا جائے اور ٹیاپر (Tapper) کا پتہ نہ چلے تو قابض اراضی سے رقم وصول کرنے کی گنجائش اس میں موجود ہے ۔ یہ احکام کسقدر سخت ہیں اس پر اس جانب کے ممبروں نے روشنی ڈالی ہے ۔ مجھے اس پر زیادہ کہنے کی ضرورت نہیں ہے ۔ دفعہ (۱۳) بی کے تحت پٹہ دار پر لازم ہوجاتا ہے کہ اگر کوئی شخص درخت تراشنے کے لئے آئے تو اسکی حرکات و سکنات میں کسی قسم کی مداخلت پٹہ دار کی جانب سے نہ ہونی چاہئے ۔ اور دوسری طرف یہ بھی ہے کہ جب کسی مستاجر یا ٹیاپر کا جس نے درخت تراشا ہو پتہ نہ چلے تو آپ سوار ہوجاتے ہیں اکوپائر (Occupier) پر اور اوس سے رقم وصول کرتے ہیں ۔ غالباً قانون کی ڈرافٹنگ کرتے وقت یہ امر آنریبل منسٹر کی درشتی میں نہیں آیا کہ اگر کوئی شخص اوس اراضی کا مالک نہ ہو یعنی وہ پرمپوک یا خارج کھاتہ اراضی ہوتو بازو کے شخص سے وصول کیجائے ۔ میں شکریہ ادا کرتا ہوں انہوں نے کم ازکم یہ چیز نہیں رکھی ۔ اگر یہ بھی رکھدی جاتی تو شائد قانون اور بھی مضبوط ہوجاتا ۔ لیکن شکر ہے کہ انہوں نے اس سلسلہ میں کوئی پروویژن نہیں رکھا ۔ اسطرح گویا سکشن اے اور بی کے ذریعہ سے کسانوں کے خلاف جکڑبندیوں کے لئے آپ تیار ہو رہے ہیں ۔ (۱۳) بی کے سلسلہ میں مجھے یہ بھی عرض کرنا ہے کہ حق مالکانہ کے سلسلہ میں صاف طور پر یہ درج کیا گیا ہے کہ یہ خزانہ میں داخل ہوجائیگا ۔

میں یہ کہنے کی جرأت کرسکتا ہوں کہ کم از کم پٹہ دار کی مشکلات کو بھی ڈرافٹ کرتے وقت ملحوظ نہیں رکھا گیا - ذرہ برابر بھی اس پر منسٹر متعلقہ نے دھیان نہیں دیا - کم از کم یہ لکھا جاتا کہ حق مالکانہ کو سرکاری رقم میں مجرا کرلیا جائیگا اور اسکے بعد جو رقم بچیگی وہ پٹہ دار کے حوالہ کردیجائیگی - لیکن ایسا نہیں لکھا گیا بلکہ پٹہ دار پر یہ لازمی گردانا جاتا ہے کہ حق مالکانہ کی رقم تحصیل میں داخل کردیجائیگی- کم از کم پٹہ دار کو بیروی کی جھنجھٹوں سے بچانے کے لئے تو کوئی نہ کوئی پروویژن رکھا جاتا - اس سلسلہ میں کوئی خیال نہیں کیا گیا - پٹہ داروں کو فائدہ پہنچانے اور کلالوں کو فائدہ پہنچانے کی درشٹی سے کام نہیں لیا گیا جو کچھ بھی درشٹی ہے وہ مستاجروں کو فائدہ پہنچانے اور اون کو اپنے گنڈے گھٹ کرنے کے لئے ہے - تعہد داری سسٹم کی جگہ مدراس سسٹم نے لے لی اور یہ پرچار کیا گیا کہ اس سسٹم کی وجہ سے بعض لوگوں کو جو اس پیشے میں ہیں فائدہ ہوگا - لیکن مدراس مسٹم آنے کے باوجود بھی نہ صرف تعہد دار جیسے مونا پلسٹوں کو غریب مزدوروں کی لوٹ کھسوٹ کا موقع دیا گیا بلکہ چھوٹے بڑے مونا پلسٹوں کو بھی اس کا موقع دیا جارہا ہے - ان دفعات میں جو ترمیمات کیجارہی ہیں اسکی وجہ سے اور بھی مونا پلسٹس بڑھینگے -گویا مستاجروں کی تائید کرنے کے لئے یہ قانون بنایا گیا ہے - دفعہ (٦) کے پروویژن کے الفاظ یہ ہیں -

"Licence for transport of Sendhi"

اس سے قبل دفعہ(٦) کے الفاظ تراشنے والوں کے متعلق تھے اب یہاں ٹرانسپورٹ کے الفاظ رکھے گئے ہیں ٹرانسپورٹ کی تعریف میں الفاظ Transport means to move from one place to another within the Hyd. State. داخل ہیں - یہ لیسنس فار ٹرانسپورٹ کے الفاظ ایسے ہیں کہ کہیں بھی سیندھی بن ہو کہیں بھی تاڑبن ہو کسی شخص کو ٹرانسپورٹ کرنے کے لئے حیدرآباد اسٹیٹ میں ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجانے کے لئے اورسیندھی منتقل کرنے کے لئے اختیارات دئے جائینگے - اس لیسنس کو حاصل کئے ہوئے شخص کو وہ اختیارات حاصل ہونگے جو کلکٹر کو حاصل ہیں - ٹرانسپورٹ کے سلسلہ میں پرمٹ اور لیسنس کا اختیار کلکٹر کو تھا اب کلکٹر کی جگہ اس مستاجر کو عالم وجود میں لارہے ہیں جو کلکٹر بنکر بیٹھیگا اور من مانے طور پر ٹرانسپورٹ لیسنس اشیو کریگا - گویا راماٹن کے کبند کو عالم وجود میں لانے کے لئے دفعہ (٦) نافذ کیا گیا - گویا جیسا کہ اس سے قبل عرض کیا گیا تعہد داری سسٹم کو دوسرے اشکال میں جاری رکھنے کی کوشش کی جارہی ہے - اور ڈی-ڈی- اٹالیہ جیسے زبردست مونا پلسٹوں کو مضبوط کرنے کے لئے دفعہ(٦) وضع کیا گیا ہے - آج کل کلالوں میں یہ خواہش پیدا ہورہی ہے کہ خود معاملہ حاصل کریں اور منافع سے مستفید ہوں اور معاملے کو چلائیں - جیسا کہ آنریبل منسٹر صاحب کو انفرمیشن دیگئی ہے اب بڑے بڑے دیشمکھ جن کے رسوم بند ہوچکے ہیں پولیس ایکشن کے بعد وہ معاملات آبکاری کو لینے کی جرأت کررہے ہیں - اس لئے اب ہر شخص ۳-۳-۰ ٹھیکہ لے لیگا اور ٹرانسپورٹ لیسنس حاصل کر کے ایسے مواضعات میں جہاں

کلال هیں اون کو رسسٹ کریگا ۔ جن مقامات پر کلال اسٹرائک کرینگے اون مقامات پر یه لوگ سیندهی بیچا کرینگے ۔ ان کلالوں کو رسسٹ کرنے اور اون کو نیست و نابود کرنے کی دفعه (۶) کے تحت کوشش کیگئی هے ۔ دفعه (۶) کی وضع ترکیب ایسی هے که بڑے بڑے مونا پلسٹوں کو کلالوں کا گلا گھونٹنے کا موقع مل جائیگا ۔ نگنڈه کے همارے تجربات هیں ۔ چنانچه نارائن پور میں ایک شخص معامله لیا لیکن کلالوں کی اسٹرائک کی وجه سے اوسکا معامله نہیں چلسکا ۔ اس نے وہ معامله ڈی ۔ ڈی ۔ اٹالیه کے نام منتقل کردیا ۔ کلالوں کی زندگی اسی پیشے پر هوتی هے اس لئے اون کو ڈی ۔ ڈی ۔ اٹالیه کے سامنے گھٹنے ٹیکنے پڑے ۔ یا اون کو گاؤں چھوڑ کر چلا جانا پڑا ۔

اسکے بعد دفعه (۴۱) هے ۔ دفعه (۷) اور (۴۳) کے ذریعه تو رقم هر شخص سے وصول کرنے کی کوشش کیگئی هے ۔ اب دفعه (۴۱) کے تحت یه رقم وصول کی جاسکتی هے یا نہیں یه دیکھنا هے ۔ دفعه (۴۱) کے الفاظ یه هیں ۔

"No lessee shall, except with the permission of Government declare any person to be his partner; and such partner shall not be competent to act as such until he has obtained a licence to that effect from the Collector or any other competent officer."

یعنی کوئی شخص بلامنظوری کلکٹر کسی کو اپنا حصه دار پارٹنر یا شکمیدار نہیں بناسکتا اور اسکے ساتھ ساتھ شکمیدار یا حصه دار کو بھی لیسنس حاصل کرنا ضروری هوتا هے ۔ اس سے قبل کے دفعه میں شکمیدار یا پارٹنر کے الفاظ استعمال کئے گئے هیں ۔ یہاں پارٹنر کے الفاظ استعمال کئے گئے هیں ۔ جو کوئی معامله کا حصه دار بنتا هے پارٹنر هوجاتا هے ۔ یہاں " شیل " کے الفاظ استعمال کئے گئے هیں ۔ اسکی موجودگی میں اس مینڈیٹری قانون کے ذریعه احکام کی خلاف ورزی کیجائے تو جو معاهده هوا هوگا وه کالعدم هوجائیگا ۔ اس معاهده کے سلساه میں جو کوئی بھی افعال هونگے کسی شخص پر اسکی کوئی ذمه داری عائد نہیں کیجاسکتی ۔ پارٹنر بننے کیلئے یه لازمی هے که منظوری حاصل کرے ۔ یعنی کلکٹر کی منظوری نه هوتو دفعه (۷) کے تحت یا دفعه (۴۳) کے تحت کسی طرح سے بھی رقم وصول کرسکتے هیں ۔ لیکن دفعه (۴۱) کے مینڈیٹری احکام کے ذریعه معاهده کالعدم هوجائے تو اسکا جو نتیجه هوگا وه نه صرف مستاجر بھگتینگے بلکه حکومت بھی بھگتیگی ۔

اسکے بعد دفعه ۱۹ هے ۔ اسپر بھی کافی کہا جاچکا هے ۔ اسمیں بیل ۔ بنڈی اور لاریوں وغیره کو ضبط کرنے کے سلسله میں احکام هیں ۔ اس سلسله میں ایک چیز مجھے یه دریافت کرنا هے که ضبط کرنے کا اختیار کس کو هے ۔ قانون آبکاری کی وضع ترکیب هی کچھ ایسی هے که یه اختیار سررشته کی جانب سے موجوده صورت میں اختیار کیا جارها هے اور جب سررشته ضرورت سمجھتا هے تو اسکو سپرد عدالت کرتا هے ۔ قانون کی اس وضع ترکیب کے لحاظ سے یه اختیار استعمال کرتے هوئے سررشته کمپونڈنگ کی شکایت نه هوسکی

ھوتو خود ضبط کرلیگا اور اس معاملہ کو عدالت میں لیجانے کی کوئی ضرورت ھی نہیں رھیگی محکمہ آبکاری کو اس قسم کے وسیع اختیارات دینا اور معاملہ کو عدالت میں لے گئے بغیر مال ضبط کرنا قابل غور ھیں ۔

ایک اور چیز مجھے یہ عرض کرنا ھے کہ اسبارے میں دو عملی بھی ھوتی ھے ۔ جہاں کہیں قانون کی خلاف ورزیاں ھوتی ھیں وھاں عدالت کے سپرد کیا جاتا ھے ۔ لیکن بالراست عدالت کے سپرد کرنے کی بجائے برڈیمنری انکوائری کے اختیارات کلکٹر کو دئے گئے ھیں ۔ اسکا لازمی نتیجہ یہ ھے کہ تاوقتیکہ محکمہ کی جانب سے چالان پیش نہ کیا جائے وہ معاملہ عدالت میں کسیطرح بھی نہیں جاسکتا ۔ اگر کلکٹر کو اختیارات دئے جاتے ھیں تو اس کے معنے یہ ھیں کہ محکمہ خود جج بھی ھے اورکمپلینٹ بھی ۔ یہ چیز نیچرل جسٹس ( Natural justice ) کے بالکل خلاف ھے ۔

دفعات ۳۱ و ۳۲ میں سزائے قید یا جرمانہ یا دونوں تجویز کئے گئے تھے اور اس سلسلہ میں یہ آپشن عدالت پر چھوڑا گیا تھا کہ حالات کے لحاظ سے صرف جرمانہ پر اکتفا کیا جائے ۔ لیکن اب قید کو بھی لازمی کیا جارھا ھے ۔ یہ تصور کیا جارھا ھے کہ سزاوں کو سخت کرکے جرائم کم کئے جاسکتے ھیں ۔ یہ سدھانت ناکام ھوچکا ھے ۔ جیسے کرمنالوجی کا طالب علم جانتا ھے ۔ لیکن اس قسم کے تجربہ سامنے ھونے کے باوجود سزائیں بڑھائی جارھی ھیں اور اسی پرانے ڈگر پر چلتے ھوئے یہ ترمیم پیش کرنے کی کوشش کیگئی ھے ۔

اس سے قبل دفعہ ۴۰ کے تحت مرافعہ کے جو اختیارات دئے گئے تھے اس دفعہ کو صاف کیا گیا تھا ۔ لیکن دفعہ ۳ میں حکومت کو اب یہ اختیار دیا گیا ھے کہ اپیل کے سلسلہ میں قواعد مرتب کرے ۔ جب اس قسم کے اختیارات حاصل ھوں تو محکمہ آئے دن ان رولس میں تبدیلیاں کرتا رھتا ھے اورکئی طرح کی مجلسیں اور کمیٹیاں بناکر ان رولس کے ذریعہ چالاکیاں کیجاتی ھیں ۔ آج کل لیجسلیشن کے سلسلہ میں یہ عام اصول ھوگیا ھے کہ رولس بنانے کا اختیار حکومت اپنے پاس رکھتی ھے ۔ لیکن اس عام اصول کے وضع کرنے کی وجہ سے لیجسلیٹیو اسمبلیز کا وجود ھی بیکار ھوجائیگا ۔ جب محکمہ متعلقہ رولس بناتے ھیں تو وہ بجائے اسکے کہ عدالت میں جانے پر انہیں چیلینج کیا جائے ان پر اسکروٹنی کرنے کی ضرورت ھوتی ھے ۔ اسلئے میں یہ کہونگا کہ اس اسمبلی میں جہاں ۱۷۵ ممبرس بیٹھے ھیں وہ مختلف قسم کا تجربہ رکھتے ھیں اور ان چیزوں پر غور کرکے ترمیم کرسکتے ھیں ۔ اسلئے ایسی ترمیمات کا موقع رھنا چاھئے ۔

اس بل پر مختلف قسم سے تقریریں ھوئیں تو آنریبل منسٹر نے یہ کہا کہ لکچر بازی ھورھی ھے ۔ میں یہ کہونگا کہ یہ لکچر بازی نہیں ھے بلکہ آنریبل ممبرس نے قانون کی خامیوں کو ایوان اور آنریبل منسٹر صاحب کے سامنے رکھا ھے ۔ وہ آجکل کے حالات کا

لحاظ کرتے ہوئے پراکٹیکل سجیشنس ھیں - اس قسم کی ترمیات نه صرف آنریبل منسٹر بلکه دوسرے آنریبل ممبرس بھی سوچ رہے ھیں جو ایوان کے سامنے پیش کیجارھی ھیں -

مستاجرین کے طریقه کو ختم کرنے کے سلسله میں آنریبل منسٹر نے فرمایا که بعض پارٹیوں کی جانب سے تعاون نه ہونے کی وجه سے اس اسکیم پر عمل نہیں کیا جاسکا - شائد اسکو اب داخل دفتر کردیا گیا ہے - بات در اصل یه ہے که حکومت اس قسم کا اقدام کرنے سے گھبراتی ہے اور بڑے بڑے مستاجرین کے اثرات کے تحت اس اسکیم کو داخل دفتر کردیا گیاہے - یہاں یه مسئله بھی آتا ہے که نمبر اندازی کے سلسله میں سخت سے سخت تدابیر اختیار کرنے کے باوجود بہت سی مکاریاں اور چالاکیاں ھوتی رھتی ھیں - ممکن ہے که آنریبل منسٹر اس بارے میں بہت زیادہ دلچسپی لیکر انکو کم کرنے کی کوشش کرتے ہوں لیکن مرض کا علاج یه نہیں ہے - اسپر پراکٹیکلی غور کریں تو اس سے حکومت کو بہت فائدہ ہوگا - کرپشن میں روزافزوں اضافه ھورھا ہے اور جو ۹ کروڑ روپیه حکومت کے خزانه میں آتا ہے اسمیں سے تقریباً چار کروڑ اسطرح ھی خرچ ھوجاتے ھیں - کیا یه بہتر نہوگا که حکومت اسطرح کی آمدنی میں چار کروڑ کی جو کمی ھوتی ہے وہ مستاجری کے سسٹم کو ختم کرکے بچائے ؟ اس قسم کی تبدیلیاں لانے سے کونسی چیز آنریبل منسٹر کو روک رھی ہے سوائے اسکے که حکومت بڑے بڑے مستاجرین سے خوف کرتی ہے اور انکے اثر میں ہے - اس سے نه صرف آبکاری کے مزدوروں اور عوام کا نقصان ھورھا ہے بلکه حکومت کا بھی نقصان ھورھا ہے - آج آبکاری کے سلسله میں کام کرنے والے مزدور منظم ھوگئے ھیں اور وہ اپنے مطالبات حکومت کے سامنے پیش کررہے ھیں لیکن حکومت اپنی زبان بند کئے خاموش بیٹھی ہے - اسطرح کی خاموش پالیسی آپ کب تک اختیار کرینگے - اس خاموشی سے نه صرف مزدوروں کو نقصان پہنچ رہا ہے بلکه یه خاموش پالیسی حکومت کیلئے بھی نقصان دہ ہے -

آنریبل منسٹر صاحب کی جانب سے کچھ کروڑ روپیه بقایا کا حساب دیا گیا ہے جو بڑے بڑے دیشمکھوں کے ذمه ہے اور جو مستاجر بنکر حکومت اور کلالوں کے درمیان آکھڑے ھوتے ھیں - انہی کے ذمه یه رقومات ھیں - میں ذمه داری کے ساتھ یه کہه سکتا ہوں که مزدور یا تراشنے والوں کے طرف ایک حبه سیاہ بھی بقایا نہیں ہے اور جو بقایا ہے وہ حکومت کے لاڈلے بیٹے مستاجرین کے ھی ذمه ہے - اسلئے میں کہونگا که اگر حکومت کے اکسچکر کو سنبھالنا ، اسکی آمدنی بڑھانا ہے تو مستاجری کے طریقه کو ختم کیا جائے جس سے مزدوروں کا بھی فائدہ ہے اور حکومت کا بھی فائدہ ہے -

اس قسم کا قانون جسمیں لفظی ترمیات کی گئیں اور صرف لفظی ہیر پھیر کیا گیا ہے وہ نا مکمل اور ناکافی ہونے کے علاوہ ان سہولتوں اور آسانیوں کی تکمیل نہیں کرتا اور نه اس سے عوام کو اطمینان حاصل ھوسکتا ہے - اس وجه سے میں آنریبل منسٹر سے یه استدعا کرونگا که اس قانون کو واپس لیکر ایسا جامع قانون لایا جائے جو بالکل نئی بنیادوں پر مشتمل ھو -

میں یہ بھی کہونگا کہ آنریبل منسٹر کی جانب سے جو قانون جریدہ میں شائع کیا گیا ہے اسمیں بھی کئی تبدیلیاں کرنیکی ضرورت ہے ۔

اتنا کہتے ہوئے میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

* **شری گوپال راؤ اکبوٹے** (چادر گھاٹ)۔ مسٹر اسپیکر سر ۔ قانون آبکاری میں بہت سی ترمیمات اس بل کے ذریعہ لانے کی کوشش کیگئی ہے اور کافی تقاریر اسکی تائید اور تردید میں ہوئیں ۔ قبل اسکے کہ میں ان نقاط پر جاؤں جن پر کافی حملے کئے گئے ایک چیز بتلانا چاہتا ہوں جو اس بل کے ایمس اینڈ آبجکٹس پڑھنے کے بعد معلوم ہوتی ہے۔ وہ یہ ہے کہ سنہ ۱۳۱۶ ف کا جو قانون آبکاری ہے وہ کافی پرانا ہے ۔ تقریباً ۵۰ سال پہلے کا۔ اسمیں کافی ترمیمات کرنے کی کوشش آج کی حکومت کے ذریعہ کیگئی ہے ۔ ہوسکتا ہے کہ گذشتہ حکومت اس مقولہ کو کافی اچھا سمجھتی تھی کہ " جتنی پرانی شراب ہو اتنی ہی اچھی ہوتی ہے "، اسی کے مصداق " جتنا پرانا قانون ہو اتنا اچھا ہوتا ہے "، اسی لئے حکومتوں نے اس میں ترمیم کی ضرورت کو محسوس نہیں کیا ۔ لیکن جب مد راس سسٹم لاگو ہوا تو یہ ضروری سمجھا گیا کہ پرانا قانون نئی سیاست کا سازگار نہیں ہوتا اسلئے نئی بوتل میں پرانی شراب رکھدی جائے ۔ بہتر ہوتا اگر نئی بوتل میں نئی شراب آجاتی ۔ ایک دقت جسکی طرف میں آنریبل منسٹر کو توجہ دلانا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ سنہ ۱۳۱۶ ف کا قانون اردو میں تھا ۔ اس میں انگریزی میں جگہ جگہ ترمیمات ہوئیں ۔ اس معزز ایوان کے ارکان نے بھی وکیل کی حیثیت سے یہ محسوس کیا ہوگا کہ اس " اردھناری نٹیشور "، ( अर्धनारी नटेश्वर ) کی وجہ سے کئی دقتیں پیش آرہی ہیں ۔ بہتر ہوتا اگر پورا قانون یا تو اردو میں ہوتا یا انگریزی میں ۔ لیکن اب چونکہ ہمارے لیجسلیچر کی زبان انگریزی ہے اسلئے بہتر ہوتا کہ اسی زبان میں کاملا یہ لالیا جاتا ۔ آئندہ آنے والی ترمیمات کی نسبت میں یہ کہونگا کہ اگر کسی دفعہ میں ترمیم کرنا ہو تو اس کے لئے انگریزی میں پورا دفعہ لالیا جائے اور اگر کسی دفعہ میں ترمیم کرنا مقصود نہو تو ایسی صورت میں پورے دفعہ کا ترجمہ ہی انگریزی زبان میں ترمیم کی شکل میں لالیا جائے تاکہ اسطرح پورا قانون ایک ہی زبان انگریزی میں قانون کی حیثیت سے آجائے ۔ موجودہ صورت میں جو مسودہ ترمیم قانون پیش ہوا ہے وہ ۴۰ کلازس پر مشتمل ہے اور اصل قانون خود ۵۴ دفعات کا ہے۔ ایسی صورت میں بہتر تو یہی ہوتا کہ آپ پورا قانون ہی انگریزی میں لالیتے ۔ بہرحال میں نے یہ ایک سجیشن دیا ہے۔ اسلئے کہ اس طرح کی جو دقتیں پیش آرہی ہیں وہ اس سے دور ہوسکتی ہیں ۔ آنریبل منسٹر اس پر آئندہ غور کرسکتے ہیں ۔ اصطلاحات اردو اور تعریف انگریزی میں رہنے کی وجہ سے تعبیر اصطلاحات میں بھی دقت ہوتی ہے ۔ یہ دقت ایوان اس وقت بہت زیادہ محسوس کریگا جب کہ قانون افیون آئیگا ۔ کیونکہ اس میں اردو اصطلاحات کی انگریزی میں تعریف کی گئی ہے۔ یہ دقت عدالتوں میں بھی پیش آئیگی ۔ اور ظاہر ہے کہ اس سے لازمی طور پر انصاف بھی متاثر ہوگا ۔ ایسی صورت میں میں یہ سوچنا دونگا

که آئنده پورے قانون کو اگر انگریزی میں لانے کی کوشش کیجائے تو یہ سب کیلئے بہتر ہوگا۔

**شری کے۔ وینکٹ رام راؤ** - ریوینیوڈپارٹمنٹ کی جانب سے اس قانون کاترجمہ کیا گیا ہے -

**شری گوپال راؤ اکبوٹے** - لیکن یہ ترجمہ توقانون کی حیثیت نہیں رکھتا۔ اس کو ڈپارٹمنٹ یا وہ لوگ جنہیں اردو نہیں آتی ریفر کرسکتے ہیں - لیکن اس ترجمے کی قانوناً کیا حیثیت ہوگی ؟ کیا یہ عدالتوں میں سائیٹ ( Cite ) کیا جاسکتا ہے - ایسے اورکئی قوانین کے ترجمے ہیں جو باہر کے عہدہ داروں نے یا پہلے کے بعض لوگوں نے اپنی سہولت کیلئے کروائے تھے - لیکن وہ قانوناً توکوئی حیثیت نہیں رکھتے - جب تک کہ اسمبلی انہیں منظور کر کے قانون کی حیثیت نہ دے وہ محض ترجمے ہی رہینگے - قانون کی حیثیت نہیں رکھینگے -

اصل بل کے تعلق سے مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ اپوزیشن کے آنریبل ممبرس کی جانب سے جو نکتہ چینی اس بل پر کیگئی وہ زیادہ تر اس قانون کی تعمیل کے بارے میں تھی - اور یہ اعتراضات برڈن آف سانگ ( Burden of song ) معلوم ہوتے ہیں - کہا گیا کہ اس قانون کی تعمیل بڑے بڑے مستاجروں کے مفاد میں ہوتی ہے - چھوٹے چھوٹے مستاجر یا تراشنے والے اس قانون کے تعزیری حصوں سے متاثر ہوتے ہیں - یہ نہونا چاہئے - میں تو محکمہ آبکاری سے متعلق زیادہ معلومات نہیں رکھتا - اور نہ مجھے اس قانون پر عمل آوری سے متعلق معلومات ہیں - لیکن میں اتنا ضرور کہہ سکتا ہوں کہ اس قانون کی دفعات میں کہیں اس طرح کا ڈسکریمنیشن ( Discrimination ) نہیں ہے جس کی نسبت یہ کہا جاسکے کہ واقعی اس سے فلاں طبقہ کو فائدہ پہنچ رہا ہے اور فلاں طبقہ کو نقصان - جتنے بھی دفعات ہیں سب پر ایک ساتھ لاگو ہوتے ہیں - میں نے تمام دفعات کی چھان بین کی - لیکن یہ کہیں بھی نہ پایا کہ اس قانون میں کسی جگہ پر بھی ڈسکریمنیشن کیا گیا ہو - اہل مقلمہ کی حیثیت کو سامنے رکھتے ہوئے ایک کے ساتھ رعایت کرنا یا دوسرے کے ساتھ سختی کرنا یہ تو عہدہ دار کی غلطی ہے - اسکو دور کرنے کی کوشش دوسرے ذریعہ سے کیجاسکتی ہے لیکن اسکے لئے قانون پر نکتہ چینی کرنا مناسب نہیں - میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ ان ۔م کلازوں میں سے کسی کلاز کے متعلق بھی یہ نہیں کہا جاسکتا کہ یہ ڈسکریمینٹری کلاز ( Discriminatory clause ) ہے - دوسری چیز مستاجروں کے تعلق سے کہی گئی کہ وہ کسطرح ناجائز فائدہ اٹھاتے ہیں - میں معزز ایوان کے سامنے یہ امر رکھنا چاہتا ہوں کہ آبکاری ہماری حکومت کا سب سے زیادہ ریوینیو لانے والا شعبہ ہے - میں ایوان کو ان جھگڑوں میں لیجانا نہیں چاہتا کہ آیا اس وقت حیدرآباد میں پروہیبیشن ہونا چاہئے یا نہیں - لیکن میں یہ کہونگا کہ جب تک حیدرآباد کے بجٹ میں آبکاری کا ریوینیو شریک رہیگا اس وقت تک تو آبکاری کے

قانون کو ٹائیٹنڈ اپ ( Tightened up ) رکھنا ھی پڑیگا - تا کہ حکومت کے ریونیو سورس پر برا اثر نہ پڑے اور دوسری طرف مستاجرین یا جو بھی معاملہ لیتے ھیں وہ اس سے ناجائز فائدہ نہ حاصل کریں یعنی خود تو نفع حاصل کرتے رھیں اور حکومت کو ریونیو سے محروم کریں - میں پرانے اور نئے قانون کا مقابلہ کرنے کے بعد اس نتیجہ پر پہنچا کہ اس میں کافی جکڑ بندیاں کیگئی ھیں - میں اس قانون کو اپلائی کرنے کے پروسیجر کے بارے میں ایوان کو متوجہ کرنا نہیں چاھتا - میں اس امتیاز کو معزز ایوان کے علم میں لانا چاھتا ھوں جو پرانے قانون اور نئے قانون میں ھیں -

میں دفعہ (۴۱) کی جانب توجہ دلاتاھوں - یہ دفعہ ھمیشہ اعتراض کا مرکز بنا رھا - آنریبل ممبرس یہ اچھی طرح جانتے ھیں کہ پرانی دفعہ (۴۱) میں کافی خامیاں تھیں - دفعہ ۴۱ میں اب دوسری بار ترمیم کی جارھی ھے - میں اسکی تفصیلات میں جانا نہیں چاھتا - لیکن ایک چیز معزز ایوان کے سامنے رکھونگا - اسلئے کہ میرا تجربہ زیادہ تر سٹی کی حد تک ھے - اضلاع کے معلومات صرف چند مقدموں کی صورت میں حاصل ھوتے ھیں - لیکن یہ بات عام ھے کہ جو لوگ ھراجی معاملات لیتے ھیں وہ سوائے اسکے کہ اپنا سرمایہ لگائیں یا کچھ بزنس اسکل ( Business Skill ) استعمال کریں اور کچھ نہیں کرتے - کسی کو شریک بنالیتے ھیں یا نوکر نامے تعمیل کروالیتے ھیں - ایسی صورت میں محکمہ آبکاری کے سامنے معاملہ پر وہ شخص قابض نہیں رھتا جو دراصل معاملہ حاصل کیا ھو بلکہ ایک دوسرا ھی شخص سامنے آتا ھے جسکا نہ کوئی پتہ ھے نہ مقام - یہ صورت ایک " ایبسنٹی بزنس من " کی پیدا ھوجاتی ھے - جو نیا شخص ذیلی طور پر شراکت میں یا نوکر نامہ کے ذریعہ معاملہ میں شریک ھوجاتا ھے وہ محکمہ آبکاری کا رکگنائیزڈ آدمی نہیں ھوتا - اس سے ھوتا یہ ھے کہ وصولی رقم کے موقع پر دقتیں پیدا ھوتی ھیں - اور دوسری خرابی یہ ھوتی ھے کہ اس غیر شخص پر جسطرح نگرانی ھونی چاھئے نہیں ھونے پاتی - اس سلسلے میں میں ایک چیز آنریبل منسٹر آبکاری کے علم میں لانا چاھتا ھوں - ایوان کو یہ سنکر تعجب ھوگا کہ سنہ ۱۳۱۶ ف کے قانون کی دفعہ (۳) کے تحت قواعد بنانے کا جو اختیار گورنمنٹ نے لیا تھا اس کو سنہ ۱۹۵۳ ع تک استعمال ھی نہیں کیا - اب آنریبل منسٹر نے دفعہ (۳) کے لحاظ سے اختیارات ترتیب دئے ھیں - اب تک شرائط عام اور شرائط خاص کے تحت کاروبار چلائے جاتے رھے - اس بل کے اسٹیٹمنٹ آف آبجکٹس اینڈ ریزنس میں یہ تفصیل کے ساتھ کہا گیا ھے کہ اگر چیکہ ھمنے مدراس سسٹم کو منظور کرلیا ھے لیکن قانون میں جو موثر ترمیم ھونی چاھئے تھی وہ نہیں ھوئی ھے - ھم اس معاملہ کو اسی طرح چلاتے رھے جسطرح کہ اگزیکٹیو طور پر چلایا جاتا ھے - اس کا کوئی قانونی جواز نہیں تھا - لیکن ایمس اینڈ آبجکٹس میں یہ تسلیم کرلیا گیا ھے کہ اب یہ صورت زیادہ دنوں تک باقی رہ نہیں سکتی - آنریبل منسٹر نے اسی دوشیئو کون ([illegible]) سے یہ بل پیش کیا ھے - کانسٹی ٹیوشن کے نفاذ کے بعد سے ھر چیز چیالنج کی جاسکتی ھے - اب کوئی

عدالت اسطرح کے اگزیکٹیو آرڈرس کی بناء پر اختیار کئے ہوے اعمال کو تسلیم نہیں کرسکتی ۔ جب ایسے پنچر بیٹھنے لگے تو ان ترمیمات کی ضرورت محسوس ہوئی ۔ کم از کم میں تو اس کے لئے آنریبل منسٹر آبکاری کو بدھائی دونگا کہ انہوں نے اس ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے اس قانون میں ترمیمات کی تجویز پیش کی ۔ اس بل کو سرسری طور پر پڑھنے کے بعد یہ چیز ظاہر ہوتی ہے کہ آبکاری کے معاملات میں کافی لوزنس (Looseness) پیدا ہو گیا تھا ۔ اس کو ٹائیٹن اپ (Tighten up) کیا گیا ہے ۔ کئی مقدمات کے سلسلے میں دفعہ (۱۴) موضوع بحث بنا ہوا تھا ۔ مدراس جہاں سے ہمنے یہ سسٹم اڈاپٹ کیا ہے وہاں بھی اس بارے میں اختلاف رہا ۔ چنانچہ سنہ ۱۹۵۰ع میں فل بنچ نے اس کی تعبیر کی ۔ اس دفعہ کی تائید کے سلسلے میں ہمارے پاس بھی فل بنچ کے سامنے یہ پیش ہے ۔ فیصلہ اب تک نہیں ہوا ہے ۔

ایک معزز رکن نے اس طرف اشارہ کیا کہ شکمیدار اور پارٹنر میں امتیاز نہیں کرتے ۔ لیکن میں کہونگا کہ کافی امتیاز رکھنے کی ضرورت ہے ۔ دفعہ ۱۴ اسطرح ہونا پڑیگا کہ وہ صرف نوکر نامہ کی آڑ لیکر پارٹنر یا شکمیدار کو اپنے معاملے میں نہ ملا لے اسطرح جکڑ بندیاں کرنے کی ضرورت ہے ۔ اسکی زیادہ ضرورت اسلئے بھی ہے کہ اسکا اثر نہ صرف محکمہ آبکاری کی حد تک ہوگا بلکہ دوسرے معاملات میں بھی یہ اثر انداز ہوگا ۔ اگر دفعہ ۱۴ کی خلاف ورزی کے ساتھ کوئی معاملت ہو تو یہ معاہدہ خود غیرقانونی ہوتا ہے ۔ دفعہ (۱۴) کی ترمیم کے بارے میں میں آنریبل منسٹر کو اس طرف توجہ دلاؤنگا کہ ہماری ہائیکورٹ یا مدراس ہائیکورٹ میں جو ریسنٹ ججمنٹس ہوئے ہیں اسکو پیش نظر رکھکر دفعہ (۱۴) میں ترمیم کی ضرورت ہے ۔ ورنہ اسمیں ادھر ادھر بھٹکنے کا امکان ہے ۔ بہرحال اس کو کافی ٹائیٹن اپ کرنے کی ضرورت ہے تاکہ وہ لوگ جو اس سے ناجائز فائدہ اٹھاتے ہیں ناجائز فائدہ نہ اٹھاسکیں ۔

مجھے حیرت ہوتی ہے جب ایک طرف تو یہ کہا جاتا ہے کہ مستاجر کے ہاتھ میں گورنمنٹ چلی جاتی ہے اور دوسری طرف یہ کہا جاتا ہے کہ اس قسم کا قانون کیوں نہیں لایا جاتا جس سے دوسرے لوگوں کو فائدہ ہو ۔ گورنمنٹ نے صورت حال سے نمٹنے کیلئے اور لوپ ہولس کو دور کرنے کیلئے جو ترمیمات پیش کی ہیں اس کے لئے آنریبل ممبرس آف دی اپوزیشن کو بھی تائید کرنا چاہئے ۔ لیکن اگر کسی بل کی طرف دیکھنے کا درشٹی کون (दृष्टीकोण) ہی الگ ہو تو یہ الگ بات ہے ۔ میں اس کے اپلیکیشن پر زور نہیں دیتا ۔ اگر فی الواقعی اس قانون میں کوئی خامی ہو تو اس کے لئے ترمیمات پیش کیجاسکتی ہیں ۔

اس بل کے بارے میں میں اپنے یہ وچار ہاؤس کے سامنے رکھنا چاہتا تھا ۔

**The House, then, adjourned for recess till Two Minutes Past Five of the Clock.**

The House re-assembled after recess at Two minutes past Five of the Clock.

[MR. DEPUTY SPEAKER IN THE CHAIR]

*Mr. Deputy Speaker :* Shri K. L. Narasimha Rao.

శ్రీ కె. యల్. నరసింహారావు (ఎల్లందు—జనరల్) :—

స్పీకర్, సర్,

ఇప్పుడు ఆబ్కారీ అమెండ్‌మెంట్ బిల్లుమీద చర్చ జరుగుతోంది. అయితే ఈ బిల్లును గురించి, క్లాజులలో గల వివిధ లోపాలను గురించి చాలామంది మెంబర్సు చెప్పడం జరిగింది. ఆ తరువాత, చాదర్‌ఘాట్‌నుంచి వచ్చిన గౌరవసభ్యులు మాట్లాడుతూ,—ఎవరైతే ఈ బిల్లును వ్యతిరేకిస్తూ మాట్లాడారో, వారు తీసుకు వచ్చిన విమర్శలకు జవాబు చెప్పటానికి బదులు దానిని డైవర్టు చేయడానికి ప్రయత్నం చేశారు. ఒక చట్టాన్ని సవరించడానికి ప్రయత్నము చేయడమనేది ఎప్పుడు జరుగుతుంది, అనేది మనం ముందు ఆలోచించుదాము. సర్వసాధారణంగా చట్టం ఆచరణలో సక్రమంగా నడవనప్పుడు గాని, లేకపోతే ప్రభుత్వముయొక్క పాలసీ, ఆ చట్టంలోగల దృక్పథం ఎడల సరిపడక భేదించి పూర్తిగా మారినప్పుడు గాని చట్టములో సవరణలు తీసుకురావడం జరుగుతుంది. పాతచట్టంలో దాదాపు ౭౫ సెక్షన్సు ఉన్నాయి. దాదాపు అన్ని క్లాజులలోను ఈ బిల్లు తీసుకురావటం జరిగింది. అయినను దీనిని అమెండ్‌మెంట్ బిల్లు అనిఅంటున్నారు. ఎమెండుమెంటు బిల్లు అంటే, తప్పుని సరియైనప్పుడు కొన్ని క్లాజులు మారుస్తారు. కాని ఈ బిల్లు తీసుకవచ్చి, పూర్వము ఉన్నమొత్తం చట్టాన్ని పూర్తిగా మార్చివేస్తున్నారు. కావున దీనిద్వారా ఆబ్కారీ విధానములో తమ ప్రభుత్వ పాలసీని మార్పు చేసుకుంటున్నట్లు తెలుస్తోంది. ప్రభుత్వము తమ పాలసీని మార్పు చేసుకుంటున్నప్పుడు “ సామాన్య ప్రజానీకానికి ఈ కొత్త చట్టము ఎల్లా వర్తిస్తుంది?, ఎవరికి అనుకూలంగా చట్టం సవరింపబడ లోంది?, పొట్టపోసుకోవడం కొరకు ఆబ్కారీ శాసనంతో సంబంధంగల వృత్తులను చేపట్టిన వారికిఅనుకూలంగా ఉన్నదా, పూర్వం లాభాలు సంపాయిస్తున్నవారికే అనుకూలంగా ఉన్నదా?, ” అనేది ఆలోచించవలసి ఉన్నది. గత చట్టంలో ఏవైతే హక్కులు ప్రభుత్వానికి లేవో, ఆ హక్కులను వ్యవహారములు సక్రమంగా నడపించుటకుగాను ప్రభుత్వము తీసుకోంటోందని చాదరఘాటు సభ్యులు అన్నారు. గవర్నమెంటు నుంచి ఎవరైతే పాటపాడి కల్లు కానీండి, సారాయి కానీండి, క్రయవిక్రయం జరుపుకోడానికి కంట్రాక్టు తీసుకొంటారో, ఆ కంట్రాక్టుకు సంబంధించిన ధనమును అసలు చట్టం ప్రకారం కంట్రాక్టరు ప్రభుత్వానికి చెల్లించాలి. తాను తనకంట్రాక్టు నుండి ఇతరులకు అమ్ముకొన్న బాపతు ధనం కంట్రాక్టరు స్వయముగా వసూలుచేసుకోవాలే కాని, ఈ బిల్లుద్వారా కంట్రాక్టరు ఏజంటుగా అందరి దగ్గరనుండి డబ్బు వసూలుచేయు బాధ్యత ప్రభుత్వం తీసుకొంటున్నది. సాధారణంగా పెద్దపెద్దవాళ్ళు ఆబ్కారీ కంట్రాక్టు తీసుకుంటారు కాని వారు స్వయంగా ఆ వ్యవహారమును నిర్వహించడంజరుగదు.

వారు వాళ్ళే తిరిగి మారుబేరంపై ఎక్కువ డబ్బుకు ఇతరులకు ఇచ్చివేస్తారు. గవర్నమెంటు కంట్రాక్టు ఇచ్చినప్పుడు కంట్రాక్టర్లనుంచి డిపాజిట్ తీసుకొంటుంది. అదే మాదిరి తిరిగి వీరు కూడా ఇంకొకరికి వాళ్ళాలకిచ్చినప్పుడు రెండు మూడు నెలల డిపాజిట్ తీసుకోవడం జరుగుతుంది. ప్రభుత్వమువారు తమ పాలసీ ప్రకారం ధనవంతులగు పెద్ద వారి ఎడల చట్టాన్ని ఖచ్చితంగా అమలు జరుపడమనేదే లేదు. వారు కట్టవలసిన ప్రభుత్వ డబ్బుకు అవకాశాలపై అవకాశాలిచ్చి కాలం పొడిగిస్తూ కాలాన్ని సాగదీస్తారు. వారిపై చట్టం ప్రకారం చెయ్యిచేసుకోవడం కూడా ఈ ప్రభుత్వానికి రుచించదు. ఈ కంట్రాక్టర్లు చిన్న అంగళ్ళవారినుంచి, చిన్న చిన్న దుకాణాలు వారినుంచి ఎప్పటికప్పుడు డబ్బు తీసుకోవడమే దృష్టిలో పెట్టుకుంటారు గాని, వారు తీసుకొన్న దానిని ప్రభుత్వమునకు చెల్లించవలసియున్న డబ్బును గవర్నమెంటుకు చెల్లించడానికి ఏమాత్రము ప్రయత్నించరు. ప్రభుత్వంవారు, వారలా చెల్లించకపోయినా, ఎట్టి అభ్యంతరము లేకుండా కంట్రాక్టర్లుగా అన్ని పనులు చూచుకోవడానికి, అదా చేసుకోడానికి వారికి పూర్తి అవకాశాలిస్తుంది. ఈ విధంగా చేయడం ద్వారా క్రమ క్రమంగా తుదకు సంవత్సరం ముగుస్తుంది. కంట్రాక్టర్లు గవర్నమెంటుకు బాకీ పడతారు. అప్పటివరకు క్రమంగా చెట్లు గీసుకొని పొట్ట పోసుకోడానికి పనిచేస్తున్న వ్యక్తి కంట్రాక్టరుకు పూర్తి డబ్బు చెల్లిస్తూనే వుంటాడు. కాని, ప్రభుత్వం కాలం గడిచిన తరువాత కన్ను తెరుస్తుంది. కంట్రాక్టరు ప్రభుత్వానికి బాకీపడి ఉంటే, స్థానికంగా పొట్ట పోసుకొనుటకు ఏ దిక్కూ లేక ముస్తాజరువద్ద పదిచెట్లు, పన్నెండు చెట్లు, ఒకటి అర సారా దుకాణం తీసుకొని పనిచేసుకొనేవారినుంచి బకాయిలు వసూలు చేయడం జరుగుతోంది. ఇల్లెందు తాలూకాలో గత సంవత్సరం ఇదేవిధంగా జరిగింది. కంట్రాక్టరు తన ఏరియాలోని గ్రామాల కల్లు, సారా వ్యవహారాలలో పొట్టపోసుకోవడం కొరకు తనదగ్గర తీసుకొని స్థానికంగా ఎవరైతే అమ్మారో, వారినుండి చెల్లించవలసినదానికంటే ఎక్కువడబ్బు కాజేశారు. కాని, ఆ డబ్బును ప్రభుత్వానికి చెల్లించలేదు. ౫౦, ౬౦ వేలరూపాయల వరకు ప్రభుత్వానికి బాకీ పడ్డాడు. ప్రభుత్వం ఆ డబ్బును కంట్రాక్టర్లనుండి వసూలు చేయడానికి బదులు పై పేదవారినుండి వసూలు చేయడానికి పూనుకొంది. వారి సామానులు జప్తు చేసింది. వారిని అనేక ఘోరాలకు గురిచేసింది. ఎగబెట్టినవారికి బిరుదులు ఇస్తూ వారి ఇండ్లలో దిగి మంత్రులు విందులారగిస్తూ వారిని తమ కార్లలో త్రిప్పుతూ, క్రొత్త క్రొత్త సంఘాలను పెట్టి వారిని వాటికి అధిపతులను చేస్తూ, ప్రభుత్వం అంతా మాదే, మంత్రులు అంతా మాకు అనుకూలమే, అనే వాతావరణము ఆ దొంగలకు కల్పించింది. ఏమీ తెలియని స్థానికుల ఆస్తిపాస్తులను జప్తు చేయించారు గాని అరవై వేల రూపాయలు బకాయిలు ఉండిన కంట్రాక్టర్లను గాని, ముస్తాజరులనుగాని ఏమీ చేయక, పైగా వారికి అనుకూలంగా ఉన్నారు. "ప్రభుత్వానికి బకాయిలు ఎగవేసేవారే మొనగాండ్లు, అటువంటివాళ్ళే మంత్రులదగ్గర ఉండటానికి వారివెంట తిరగడానికి అర్హులు, అధికారము వుంటుంది" అనేది ప్రజలందరకూ తెలుసు. ఇవ్వవలసిన మొత్తాలను ఎగవేసేవారు, ప్రభుత్వోద్యోగులతోను, ప్రభుత్వ మంత్రులతోను, సన్నిహిత సంబంధం కలుగచేసు కొంటున్నారు. ఆ స్నేహం మరియు ఇతర సంబంధాలతో వారు తమ పనులు నెరవేర్చు కుంటున్నారు. తమకు డబ్బు చెల్లించినను, రసీదులిచ్చే అలవాటులేని యీ కంట్రాక్టర్లు, కలాలీలు డబ్బు చెల్లించినా, వారికి రసీదులివ్వక, తిరిగి వారినుంచి రసీదులు లేవన్ని, కావున మాకు డబ్బు ఇవ్వలేదని ఉద్యోగులకు చెప్పి తమ పలుకుబడిని ఉపయోగించి, గొళ్ళ్యాడగొట్టి

డబ్బు వసూలు చేయిస్తున్నారు. ప్రస్తుత చట్టంలో ఏమాత్రం అవకాశం లేకున్నప్పటికీ, కంట్రాక్టర్సుకు తోడ్పడుతూ, సామాన్యులపై పై విధంగా నిర్బంధాలు చేస్తున్న ఈ అబ్కారీ ఉద్యోగ బృందానికి ప్రభుత్వమువారు ఈ బిల్లుద్వారా అటువంటి దౌర్జన్యాలకు అవకాశము ఇచ్చే అవకాశాలను చట్టయుతంగా కల్పిస్తున్నారంటే ఇక వారి ఆట ఏవిధంగా వుంటుందో ఆలోచించండి. తాడి, ఈత మొదలైన చెట్లు తప్పడుగా గీయబడినప్పుడుగాని, నెంబర్లు లేకుండా వుండే చెట్లను ఎవరుగీస్తున్నారో వారిని గురించిగాని, తెలుసుకొను బాధ్యత ఎవరిపైన వున్నదో, ప్రభుత్వమునకు నష్టము జరుగుతుంటే ఆ డబ్బు ఎవరినుంచి వసూలు చేస్తారో, అందుకు గాను శిక్షఎవరికిస్తారో, ఈ చట్టంలో పేర్కొన్నారు. సామాన్యముగా చెట్లను ముస్తాజరుకు సంబంధించిన వ్యక్తులే గీస్తారు. ముస్తాజర్లు ఆబ్కారీ ఉన్నత ఉద్యోగుల వెంట తిరుగుతు ఉంటారు. వారు లాభాలు సంపాదించడానికి అక్రమంగా వారు తమ స్థానిక వ్యక్తులచేత చెట్లను గీయిస్తారు. ఉద్యోగులు అది తెలిసికూడా గమ్మున ఉంటారు. ఎవరుగీశారో ప్రభుత్వానికి తెలియకపోతే—ముస్తాజరులు ఆ మొత్తం బరువుని కలాలీలపై నెట్టి వారిని శిక్షించడానికి ప్రయత్నం చేస్తారు. అసలు నేరస్తులను పట్టుకోక ప్రభుత్వమువారు ఈ బిల్లుద్వారా చివరకు ఈ బాధ్యత అంతా సామాన్య ప్రజలపైన మోపుతున్నారు. దొంగను సాధారణ ప్రజలు పట్టి ఇవ్వకుంటే వారిని శిక్షిస్తారట. ఇక, ఈ డిపార్టుమెంటు ఎందుకో తెలియదు. ఈ బిల్లు ప్యాస్ అయిన తరువాత అబ్కారీ డిపార్టుమెంటునే తీసివేసి, రైతులనుంచే వసూలు చేసుకొంటేనో, రెవిన్యూబోర్డుద్వారా ఈ ఆబ్కారీనికూడా నడుపుకొంటేనో, సరిపోతుంది. ఈ ఆబ్కారీశాఖ ఉద్యోగుల పని ఎవరైన తప్పుడు చెట్లను గీసినా, తప్పుడు చర్యలు జరిపినా, అటువంటివారిని పట్టుకొని వారిని శిక్షించడం అబ్కారీవారి డ్యూటీ. కాని, అబ్కారీ ఉద్యోగులు అంతా ఈ కంట్రాక్టర్సు యొక్క ముస్తాజరుల యొక్క పెట్స్ (Pets ) గాఉంటున్నారు. అబ్కారీ ఉద్యోగులు ఎవరిమీదనైనా నేరము చేశారని కోర్టులలో కేసులు పెడితే, తాము నేరము చేయలేదని కోర్టులలో ఋజువు పరచుకోవలసిన భారము అంతా రైతుమీద; Tapper మీద పడేస్తున్నారు. ముఖ్యంగా తెలంగాణాలో వేలాది కేసులును పోలీసు పెట్టింది. అందులో, చాలా కేసులును నిరూపించలేకపోయింది. తెలంగాణాలో ఈ కేసులకోసం, యీ కోర్టులవెంట తిరగడంచేత అనేకమందికి లక్షలకొలదీ డబ్బు నష్టపడటం జరిగింది. కేసులు పెట్టినపుడు, ఆకేసు నిరూపింపబడనప్పటికీ, కేసులుపెట్టబడిన వ్యక్తులు నష్టపడినప్పుడు వారికి ప్రభుత్వము తమ ఉద్యోగులు పెట్టిన తప్పుడు కేసులకు నష్టపరిహారం ఇవ్వడం అనేదీ లేదు గనుక కేసులు అంగీకరింపబడుతాయా, లేదా అనేది ఎవరూ చూడరు. తమకు గిట్టనివారిపై కేసులు పెట్టడమే పరమ ధర్మంగా ఆచరిస్తుంటారు. తాను పెట్టిన కేసును నిరూపించవలసిన పూర్తి బాధ్యత తనమీద వుండగాకూడా మన పోలీసు బృందం నిరాధారమైన కేసులుమోపి ప్రజలను నష్టపరుస్తూంటే కేసులను ప్రూవ్ ( Prove ) చేయువలసిన బాధ్యత అబ్కారీ ఉద్యోగుల మీదనుంచి తొలగించి, తాము నేరము చేయలేదని ఋజువు పరచుకోవలసిన బాధ్యత, బరువు అంతా సామాన్య ప్రజలపైన మోపితే వారేమి చేయాలి? ప్రభుత్వము తనపైన ఉన్న బాధ్యతలనుండి పూర్తిగా తప్పుకొంటూంది. సాధారణ ప్రజలపై బరువు భారాలను మోపి వారిని యీ బిల్లు ద్వారా బాధింప చూస్తోంది. అబ్కారీ ఉద్యోగులను డబ్బుఇచ్చి మేపడం, కార్లలో త్రిప్పడం జరుగుతోంది. అంతేగాని వారు చేయువలసిన పనులను గురించిగాని, వారి కర్తవ్యము గురించిగాని

ప్రభుత్వము ఏమా శ్రద్ధ తీసుకోవడం లేదు. అబ్కారీ శాఖలో వున్న అక్రమాలను తొలగించ కుండా పూర్తి బాధ్యతలను రైతాంగముమీద వేస్తున్నారు. ఈ కలాలీలుగాని, చెట్లుగీసే కోయవారుగాని ఎటువంటివారు, వారి సామాజిక వైజ్ఞానిక స్థాయి ఎటువంటిది మొదలైనది వాటిని గురించి యీ చట్టమును వారు తీసుకువచ్చినప్పుడు ఆలోచించవలసివున్నది. ఈ మంత్రి గారు గాని, యీ చట్టమును తయారుచేసినవారు గాని, యీ విషయం ఆలోచించినట్లులేదు, మా జిల్లాయందు తాలూకాలో చెట్లుగీసి పొట్టపోసుకొనేవాళ్ళు ఒక కలాలీలే కాదు కోయవాళ్ళు కూడా చెట్లు గీస్తారు. ఇదే ఒక వృత్తిగా వున్నది. దీనిపై జీవించేవారు చాలా వర్ణాల వారు వున్నారు. ఈ అబ్కారీ కంట్రాక్టర్లు వ్యవహార జ్ఞానముగలవారు. వీరికి అబ్కారీ శాఖలోని లోటుపాట్లన్నీ తెలుసును. ఏ పని అయినా, అక్రమంగా చట్టవిరుద్ధంగా వున్నప్పటికీ, ఎవరిని పట్టుకొంటే వ్యవహారము తమకు అనుకూలంగా జరుగుతుందో, వారికి బాగా తెలుసు. అటువంటి వారినే దృష్టిలో పెట్టుకొని, వారికి అనుకూలంగానే బిల్లు చేయడం జరిగింది. సాధారణ ప్రజల ఇబ్బందులు, ఇక్కట్లు, ఏమాత్రం ఆలోచించబడలేదు. మా తాలూకాలో కోయజాతి వారు ఈ వృత్తిద్వారా పొట్ట పోసుకుంటారు. వాళ్ళు క్రమంగా డబ్బుచెల్లించినా, వారికి రసీదులు ఇచ్చే అలవాటు కంట్రాక్టర్లకు లేదు. ముస్తాజరుని బకాయిలు గురించి ప్రభుత్వం అడిగితే కలాలీలు ఎవరు శిస్తులు చెల్లించలేదని వాళ్ళదగ్గర మాకు చెల్లించినట్లుగా రశీదులుకూడా లేవని అంటారు. ప్రభుత్వం కంట్రాక్టర్లు మాటలు నమ్మి సాధారణ ప్రజలనుంచి గోళ్ళూడగొట్టి డబ్బు వసూలు చేస్తుంది. ఈ బిల్లు సామాన్య ప్రజానీకమును ఇబ్బందులకు గురిచేసేదిగా వుండకూడదని దీనిని సవరించాలని కోరుతున్నాను. ప్రజానీకానికి న్యాయం కలిగించే విధంగా దీనిని సవరించాలని, అందుకుగాను, దీనిపై ఆమెండ్‌మెంట్లు సందర్భములో ఇతర వివరాలను గురించి, క్లాజులవారి లోపాలను గురించి మాట్లాడుతాను. ప్రజా వ్యతిరేకంగా ఈ బిల్లు తీసుకురాబడి, అబ్కారీ ద్వారా పొట్ట పోసుకొనే వారిని అణచడానికే ఈ బిల్లు తీసుకు రాబడింది. కాబట్టి దీనిని తీవ్రముగా మార్చవలసి వున్నది. "మా పార్టీవారు ఈ బిల్లు తెచ్చారు. కాబట్టి ఎట్లా వున్నా, దీన్ని బలపరుస్తాము" అని కాకుండా, మనం మన కాన్‌స్టిట్యుయన్సీలకు పోయి ప్రజలకు జవాబు చెప్పుకోవలసి వుంటుందని, మన నియోజకవర్గ ప్రజలను దృష్టిలో వుంచుకొని, ఎవరైతే తాము ప్రజా ప్రతినిధులమని అనుకొంటారో, వారందరూ దీని విషయమై ఆలోచించవలసి వుంటుంది. కాబట్టి ఈ బిల్లును సవరించాలని కోరుతున్నాను.

* شری جے۔ آنند راؤ (سرسلہ۔ عام) - اس بل پر کئی آنریبل ممبرس نے اپنے خیالات کا اظہار فرمایا ہے - میں صرف ہاؤز کی توجہ اس جانب مبذول کرنا چاہتا ہوں کہ اب جو ایل پیش ہورہا ہے اوس میں نئی خوبیاں کیا لائی گئی ہیں - تعہداری سسٹم کے بجائے مدراس سسٹم جاری ہوچکا ہے اور اوس کے مطابق آبکاری کے کاروبار چل رہے ہیں لیکن اب نئے بل کے ذریعہ کیا سبسٹینشیل تبدیلیاں لائی جارہی ہیں جن سے عوام کی بہتری ہو - گورنمنٹ کا ہمیشہ یہ مقصد رہا ہے کہ کسطرح آمدنی بڑھائی جائے - سال بہ سال اس انکم میں اضافہ ہورہا ہے اور مزید اضافہ کیلئے کوششیں جاری ہیں - لیکن یہ بھی دیکھنا چاہئے کہ جن لوگوں کا یہ ذریعہ معاش ہے جنہوں نے اس کو اپنا پیشہ بنایا ہے

یعنی کلال اور ٹیاپرس وغیرہ اون کا لیونگ اسٹانڈرڈ بھی بڑھ رہا ہے یا نہیں - کیا اوس میں اوسی طرح اضافہ ہورہا ہے جس طرح کہ آبکاری کی آمدنی میں اضافہ ہورہا ہے - اگر ہم دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ گزشتہ سات آٹھ سال میں آبکاری کی جسطرح آمدنی بڑھی اوسی طرح ان کے لائیولی ہڈ ( Livelihood ) میں اضافہ نہیں ہوا بلکہ اس کا الٹا اثر ہوا - ترقی یافتہ ممالک کو ہم اگر دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ جب کسی ڈپارٹمنٹ کی آمدنی میں اضافہ ہوتا ہے چاہے وہ ریوینیو ڈپارٹمنٹ ہو یا آبکاری ہو یا جنگلات ہو تو اضافہ آمدنی کے ساتھ ساتھ عوام کا معیار زندگی بھی بڑھتا ہے - یہاں ایسا نہیں ہورہا ہے - اس کی وجہ یہ ہے کہ گورنمنٹ درمیانی لوگوں یعنی دلالوں پر اپنی آمدنی کا انحصار کرتی ہے - دلالوں کی پرورش گورنمنٹ کا نقطہ نظر ہے - ان کلالوں کا کوئی دوسرا ذریعہ معاش نہیں - نہ ہی زراعت اون کا پیشہ ہے - صرف یہی پیشہ ان کا ذریعہ معاش بنا ہوا ہے - اون کو یہ دیکھنا پڑتا ہے کہ کئی سال کے مقابلہ میں اب کونسا مستاجر آرہا ہے - آنریبل منسٹر نے گزشتہ سال ,, ٹری ٹو دی ٹیاپر ،، کا نعرہ لگایا تھا - اس نعرہ کا نہ صرف کلالوں نے بلکہ دوسری پارٹیوں نے بھی استقبال کیا لیکن یہ اسکیم ناکام ہوگئی - اسکی وجہ بعض اڈمنسٹریٹیو ڈیفکٹس ہیں - جو زاویہ نظر اختیار کرنا چاہئے تھا اختیار نہیں کیا گیا - ایویریج آمدنی بھی جو نکالی گئی وہ غلط تھی - اگر گزشتہ دس سالہ آمدنی کا ایویریج نکالا جاتا تو ٹھیک ہوتا - اسکے علاوہ اس سسٹم کو عملی جامہ پہنانے کے لئے عوام کا تعاون عمل حاصل تو ہوسکا لیکن گورنمنٹ گھبرارہی تھی کہ پیسے کسی طرح وصول ہوجائیں - کسی طرح سے وہ درمیانی لوگ جو ٹیاپرس سے دور ہورہے ہیں روک دیا جائے - اس طرح وہ اسکیم ناکام ہوگئی - لیکن اب پھر وہی پرانا طریقہ اختیار کرنے اور مستاجروں کو انکریج ( Encourage ) کرنے کی کوشش کیوں کیجارہی ہے - اوسی سسٹم کو پوری طرح الیومنیٹ کرنا چاہئے - اگر ایسا نہ ہوتو پھر وہی حالت رہیگی جو اس سے پیشتر تھی - آج حالات یہ ہیں کہ چھوٹے موٹے لینڈ لارڈس اور بڑے بڑے زمینداروں کی آمدنی زراعت پر ہی نہیں ہے بلکہ انکو زیادہ آمدنی تو آبکاری سے ہوتی ہے - وہ کہتے ہیں کہ صرف زراعت پر ہی ہماری زندگی نہیں ہوسکتی جب تک دوسرے ذرائع آمدنی نہ ہوں - چنانچہ اس کے حصول کے لئے کامپٹیشن جاری ہے - ہراجات میں بڑھ بڑھ کو بولی دیجاتی ہے اور معاملہ لیا جاتا ہے - اسطرح لوٹ کھسوٹ جاری ہے اور لٹیرے طبقات کی ہمت افزائی ہورہی ہے اور کلالوں کی پوزیشن بدتر ہوتی جارہی ہے کامپٹیشن چل رہا ہے اور زیادہ پیسہ کمایا جارہا ہے اور ان طبقات کو انکریج کیا جارہا ہے - اور اسطرح یہاں سے لیکر بودھن تک عہدہ داران بھی ہزاروں لاکھوں روپیہ کمارہے ہیں - اس طرف بھی گورنمنٹ کوئی توجہ نہیں دیتی - اس وجہ سے نہیں دے سکتی کہ اس کا انحصار عوام پر نہیں بلکہ درمیانی لوگوں پر ہے - جو اڈمنسٹریٹیو میژرس اختیار کرنا چاہئے وہ نہیں کررہی ہے - جو آمدنی گورنمنٹ کو ہورہی ہے اس سے دوگنی آمدنی یہ مفت خور اور لٹیرا طبقہ یعنی لینڈ لارڈ کھا رہا ہے - جنرل الکشن کے بعد عوام کی جو خواہشات تھیں ان کو پورا کیا جاتا

چاہئے تھا ۔ عوام کو یہ بتانا چاہئے تھا کہ ہم نے الکشن میں آنے کے بعد کیا کیا کیا ۔ لینڈ ٹو دی ٹلر کا ہم نے نعرہ مارا ۔ ٹری ٹو دی ٹیپر کا نعرہ مارا لیکن کیا اون کی تکمیل ہوئی ۔ جو خوش فہمیاں اون کو تھیں ان کی کہاں تک تکمیل ہوئی ۔ اس کا ثبوت ہم کو دینا ہے ۔ اس کو پیش نظر رکھنا چاہئے تھا ۔ لیکن پھر وہی طریقے اختیار کئے جارہے ہیں ۔ مستاجرین کی پرورش کیجارہی ہے ۔ اگر اون لوگوں کا جو اس پیشہ پر انحصار رکھتے ہیں اسٹینڈرڈ آف لیونگ بڑھانے کے نقطہ نظر سے ان کو خوش حال بنانے کے نقطہ نظر سے بل لایا جاتا تو ہم استقبال کرسکتے ۔ لیکن ایسا نہیں ہے ۔ اس ضمن میں ادھر کے ایک آنریبل ممبر نے فرمایا کہ اپوزیشن کے ممبروں کو قانون کے سمجھنے میں دشواری ہورہی ہے ۔ قانون تو برا نہیں ہے بلکہ اوسکی تعمیل میں کونسے طبقات کو فائدہ پہنچ سکتا اس میں پیچیدگیاں ہورہی ہیں ۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ تمام طبقات سے یکساں برتاؤ کیا جارہا ہے یہ چیز بھی غلط ہے ۔ ہم دیکھ رہے ہیں کہ گورنمنٹ اور مستاجر میں کنٹراکٹ ہوتا ہے ۔ اس کنٹراکٹ کے لحاظ سے گورنمنٹ مستاجر سے پیسے لیتی ہے ۔لیکن اس بل کے تحت گورنمنٹ اون ٹیاپرس سے جن کا مستاجر سے معاملہ ہو پیسے وصول کرکے مستاجر کو دیگی ۔ گویا جسطرح لینڈ ریوینیو حکومت وصول کرتی ہے اوسی طرح اس رقم کو بھی وصول کرنے کی ذمہ داری گورنمنٹ اپنے پر لے رہی ہے ۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ پہلے جو مستاجروں کو خوف تھا رقم وصول نہ ہونیکا وہ دور ہوگا ۔ پہلے اگر مستاجر کے ذمہ دولاکھ روپیہ بقایا ہوتا تھا تو وہ ۵۰-۴۰ ہزار روپیہ گورنمنٹ کو دیدیتے تھے اور کہتے تھے کہ کیا کیاجائے کلالوں سے پورا پیسہ وصول نہیں ہورہا ہے کلال دھوکہ دے رہے ہیں ۔ اس لئے ایسا قانون بنایئے کہ ان سے بھی وصول ہوسکے ۔ چونکہ گورنمنٹ کے ان بڑے طبقات سے تعلقات ہیں ان کے کہنے کی وجہ سے ایسا پرووبژن لایا جارہا ہے ۔ ہماری جانب سے کئی مثالیں دیگئیں ۔ بنکٹ لال بدروکا وغیرہ کی مثال پیش کیگئی اور بتایا گیا کہ حقیقت میں لاکھوں روپیوں کا بقایا کس طبقہ سے وصول طلب ہے ۔ آپ کہتے ہیں کہ قانون میں ہر طبقہ کے ساتھ یکسانیت برتی گئی ۔ کسی طبقہ سے ڈسکریمنیشن نہیں برتا گیا لیکن میں کہونگا کہ یہ غلط ہے ۔ مستاجر سے ذیلی مستاجر کے کیسے کنٹراکٹس ہوتے ہیں ۔ کیا اسکے متعلق رولس ہیں یا نہیں ۔ کس حد تک ان سے فائدہ ہوسکتا ہے یا نہیں ۔ ایسا کوئی پرووبژن بل میں نہیں بتایا گیا ۔ یہ مستاجر تو من مانے معاھدہ کرلینگے اور گورنمنٹ اس معاھدہ کی تعمیل میں فریق بنکر رقم وصول کریگی ۔ جسطرح لینڈ ریوینیو وصول کرتی ہے ۔ اس طرح اون کلالوں کے مکان ۔ بیل بنڈی وغیرہ ضبط کر کے حکومت پیسے وصول کریگی ۔ اسلئے اس کے متعلق کئی دفعہ ہر ایک دفعہ کی تفصیلات بتلاتے ہوئے آنریبل ممبر وینکٹ رام راؤ صاحب نے کوشش کی ہے ۔ لیکن میں اب اس جانب توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ بار ثبوت کی ذمہ داری کس پر عائد کیجارہی ہے ۔ اگر کسی شخص کے پاس کوئی شراب کی بوتل یا سیندھی کی ھانڈی پائی جائے تو اسکو ثابت کرنے کی ذمہ داری اس شخص پر نہیں ہے جو اسکو دیکھتا ہے بلکہ اس شخص پر ہے جو اسکو معلوم کرتا ہے ۔ یہ قانون کے

لحاظ سے بالکل غلط طریقہ ہے ۔ اسکے معنے یہ ہونگے کہ اگر کوئی شخص کسی مجبوری ۔ کسی ضرورت کی وجہ سے رکھے اور دوسرا شخص اسے دیکھے اور الزام عائد کرے تو اسکا بارثبوت بھی اسی پر ہونا چاہئے جو یہ معلوم کرے ۔ کیونکہ رکھنے والا یہ کہہ سکتا ہے کہ میں یہ نہیں کیا تھا ۔ میں وہ نہیں کیا تھا ۔ ایسی دنیا بھر کی چیزیں بتلائی جاسکتی ہیں ۔ اسلئے یہ چیز اصول قانون کے خلاف ہے ۔ کیا اس سے یہ واضح نہیں ہوتا کہ گورنمنٹ اور غریب عوام کے اس طبقہ پر جس سے بالراست پیسہ مل رہا ہے اسپر غیر معمولی سختی کررہی ہے ۔ اگر موجودہ وزارت اسطرف توجہ دے سکتی ہے اور دینا چاہتی ہے تو یہ دریافت کرنا چاہئے تھا کہ وہ کونسے طریقے ہیں جنہیں اختیار کرنے سے نہ حکومت کی آمدنی کم ہو اور نہ سختی برتی جائے تو اپوزیشن پارٹیز کی رائے لے سکتی تھی ۔ ان تمام چیزوں کے پیش نظر میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ یہ بل ایسا بنایا گیا ہے کہ وہ مستاجروں کے تحفظ اور گورنمنٹ کی آمدنی کیلئے ہے ۔ ٹیاپرس کا اسمیں کوئی فائدہ نہیں ہے ۔ اسلئے فوراً اسکو مسترد کرکے ایک نیا بل ایسا بنایا جائے جسمیں مین کنسیڈریشن عوام کا ہو ۔ جسمیں انکی زندگی کا معیار بڑھانے اور انہیں خوشحال بنانے کی کوشش کیگئی ہو ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

**منسٹر فار ایکسائز، فاریسٹس اینڈ کسٹمس (شری کے ۔ وی رنگا ریڈی)** ۔ مسٹر اسپیکر سر ۔ قبل اسکے کہ میں ان اعتراضات کا جواب دوں میں کچھ عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں ۔ جسقدر تقاریر اس بل کے خلاف اعتراضات کے طور پر کیگئی ہیں انکا بہت سا حصہ ایسا تھا کہ جسکو مجھے نوٹ کرنے کی ضرورت ہی نہیں ہوئی ۔ لیکن میں نے کچھ حصہ کو جو ترمیمات سے تعلق رکھتا تھا اور کچھ ایسے حصہ کو بھی جو ترمیمات سے تعلق نہیں رکھتا تھا نوٹ کرلیا ہے کیونکہ مجھے ان اعتراضات کا جواب دینا ہے ۔ میں نے ۵۰ اعتراضات کو نوٹ کیا ہے لیکن اسمیں بھی ۳۰ اعتراضات ایسے ہیں جو بل کی ترمیمات سے تعلق نہیں رکھتے ۔ میں ان اعتراضات کو موقع پر واضح کرونگا ۔ ان تقاریر میں غریب کلال کے الفاظ کو بار بار دھرانے کی ضرورت ہوئی اور یہ کہا گیا کہ غریب اشخاص کا خیال نہیں کیا جاتا بلکہ ان اشخاص کو جنہیں حکومت چاہتی ہے معافی دینے کیلئے یہ قانون بنایا گیا ہے ۔ میرے دوستوں نے بار بار اسکا ذکر کیا لیکن اصل ترمیمات میں ایک لفظ بھی ایسا نہیں بتایا گیا جس سے یہ منشاء ظاہر ہوتا ہو ۔ اگر قانون کے متعلق اعتراض کرنا ہوتو ایسا عام اعتراض کرنا مناسب نہیں ۔ مخصوص طور پر یہ بتلانا چاہئے کہ اس چیز سے غریب کو فائدہ پہنچتا ہے اور اس چیز سے نقصان تقاریر سننے کے بعد ۔ میں اس نتیجہ پر پہنچا کہ یا تو ترمیمات اور قانون کو پڑھکر نہیں آئے یا پڑھے ہیں تو سمجھے نہیں ۔ بہرحال واقعہ یہ ہے کہ اگر اسکو مکرر سکرر پڑھتے تو اسمیں سے نود فیصد اعتراضات وہ خود حل کرلے سکتے تھے ۔ لیکن چونکہ اعتراضات کئے گئے ہیں اس لئے جواب دینا میرا فرض ہوگیا ہے لہذا میں جواب دیتا ہوں ۔

سب سے پہلے یہ کہا گیا کہ میں نے ابتدائی تقریر میں کہا تھا کہ لفظی ترمیات ہیں اہم ترمیات نہیں لیکن ایسا نہیں ہے۔ میں نے پہلے یہ وضاحت کردی تھی کہ اسمیں تین اہم ترمیات کیگئی ہیں ۔ ایک تو یہ کہ کلالوں سے سرکاری رقم بہ آسانی وصول کرنے کیلئے ۔ دوسرے کاشتکاروں کے تعلق سے پٹہ داروں کو درخت معاف کئے جانیکے باعث۔ اور تیسرے سزا کو سنگین بنانے کیلئے ۔ لیکن معزز ممبران جنہوں نے تقاریر کیں بڑے زور و شور سے کہا کہ ایسا بھیانک قانون بنایا گیا ہے۔ دنیا ہی الٹ دیگئی ہے۔ اگرچیکہ معزز ممبران کی تقاریر ان ہی تین چار چیزوں کی حد تک محدود تھیں لیکن بڑی شد و مد کے ساتھ یہ بیان کیا گیا کہ اس سے تو دنیا ہی ڈوب جارہی ہے ۔ ظالم حکومت ہی کا ایسا قانون ہوسکتا ہے ۔ جمہوری حکومت کا ایسا قانون نہیں ہوسکتا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ میرے یہ بتلانے سے وہ خود قائل ہوجائینگے کہ یہ جمہوری حکومت ہی کا قانون ہے کسی اور حکومت کا نہیں ہے ۔

ترمیات کے تعلق سے پہلی چیز یہ کہی گئی کہ اسمیں دفعات ایسے وضع کئے گئے ہیں کہ وہ مبہم ہی مبہم ہیں ۔ کلکٹر کی تعریف پڑھکر یہ کہا گیا کہ کلکٹر کو دنیا کے سب لوگوں کو قتل کرنے کا اختیار دیا گیا ہے ۔ کلکٹر ایک مال کا عہدہ دار ہے جسے معاملات آبکاری سے متعلق بھی اختیارات دئے جارہے ہیں ۔ بعض معزز ممبران نے بڑے شد و مد سے یہ بھی کہا کہ کلکٹر مال کے کام میں مصروف رہتا ہے اور اسے آبکاری کے معاملات کو دیکھنے کی فرصت ہی نہیں رہتی ۔ لیکن اگر وہ کلکٹر کی اس تعریف کو دیکھتے کہ کلکٹر مال کا عہدہ دار ہے اور ان ہی کلکٹرس کو آبکاری کے معاملات کیلئے کلکٹر بنایا جارہا ہے ۔ اگر مال کا کلکٹر کام نہیں کرسکتا تو دوسرے ایسے لائق شخص کو یہ اختیارات دیکر آبکاری کا کلکٹر مقرر کرنے کی گنجائش رکھی گئی ۔ میں آنریبل ممبران سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ اسمیں کونسے ایسے غیر معمولی اختیارات ہیں جسکی وجہ سے کلکٹر قتل عام کرسکتا ہے ؟ اعتراض کے بعد میں نے دفعہ کو غور سے پڑھا کہ شائد ٹائپ میں کوئی غلطی ہوئی ہو مگر ایسی کوئی غلطی نہیں پائی گئی۔ عبارت بھی سلیس و صاف ہے ۔ میں انگریزی نہیں جانتا لیکن میں بھی اسکو پڑھ سکا ۔ اس میں کونسی چیز ہے جسکو آنریبل ممبر نہیں سمجھ سکے ۔ اسلئے میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ آنریبل ممبر اسکو پڑھے ہی نہیں ۔

اسکے بعد دفعہ ۴ ہے جسمیں تعہد دینے کا اختیار ہے ۔ میں آنریبل ممبران سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ تعہد کا اختیار گورنمنٹ کو یا کلکٹر کو نہو تو کیا آنریبل ممبران یا راہ روکو دیا جانا چاہئے ۔ یا یہ ہونا چاہئے کہ پچاس ہزار تک تعہد کا اختیار تو ہم دیتے ہیں لیکن اگر اس سے بڑھکر ہوتو اسکا اختیار راہ روکو دیں ۔ اگر ایسا ہوتو میں سمجھتا ہوں کہ وہ نظم و نسق چلانے والوں کا قانون نہیں ہوگا بلکہ وہ تماشہ کرنے والوں کا قانون ہوگا ۔ جب معاملات آبکاری کو چلانا ہے تو ایسا اختیار دینا پڑیگا ۔ یہ بات

عقل سلیم کے خلاف نہیں ہے ۔ یہاں تعہد سے متعلق صاف و صریح الفاظ ہیں ۔ تعہد اس چیز کو کہتے ہیں جو معاملہ دینے والے اور لینے والے کے درمیان ایجاب و قبول کے ذریعہ طے پاتی ہے ۔ اس لئے تعہد دینے میں بیجا اختیارات کے استعمال کا محل نہیں ہے ۔ یہ بھی ایک عقل سلیم کی بات ہے ۔ اسکے بعد دفعہ ۲ کا حوالہ دیکر تعہد دار کو راھداری دینے کے اختیار سے متعلق اعتراض کیا گیا جسکو میں عدم معاملہ فہمی قرار دیتا ہوں ۔ اسوجہ سے کہ تعہد دار کو ایک گاؤں میں معاملہ دوکان دیا جاتا ہے تو اسبات کا علم ہونا چاھئے کہ دوسرے گاؤں میں جھاڑ ترشوا کر سیندھی دوکان پر لاتا ہے یا اسی گاؤں کے بن میں جھاڑ ترشوا کر سیندھی دوکان پر لا کر بیچتا ہے ۔ اثناء راہ میں امتیاز کرنے کیلئے کہ آیا وہ چوری کی سیندھی ہے یا اجازت یافتہ کی ایک پروانہ راھداری دیا جاتا ہے ۔ اس کا اختیار مستاجر کو دیا گیا ہے ۔ یہ ایک عقلمندی کی بات ہے ۔ اس سے احکام کی خلاف ورزی ہونے کا امکان نہیں ہے ۔ اگر تعہد دار .......

*Shri K. Ramreddy* (Nalgonda General) : Point of information Sir,

یہ کہا گیا ہے کہ ایک گاؤں کی سیندھی کو اسی گاؤں کے مختلف مقامات پر لیجانے کیلئے اجازت دیتے ہیں ۔ کیا مستاجر یہ نہیں کرسکتا کہ ایک گاؤں سے دوسرے گاؤں کو لیجائے ۔ کیا یہی تجربہ کی دلیل ہے ۔

**شری کے ۔ وی ۔ رنگا ریڈی** : اس کو بھی میں عدم تجربہ ہی سمجھتا ہوں ۔ اگر راہ داری کی بناء پر دوسرے گاؤں کو لیجا رہا ہے تو یہ قانون کی خلاف ورزی ہے ۔ اس کو اس کے حدود کے اندر جانے کی اجازت دی جائیگی ۔ مستاجر کو اسکے حدود کے اندر پروانہ دینے کی اجازت ہے ۔ اس پرائنٹ آف انفرمیشن سے بھی یہ منشاء لینا معلوم ہورہا ہے کہ مستاجر کو دوسرے گاؤں یا علاقہ میں بھی سیندھی لیجانے کیلئے پروانہ جاری کرسکنے کا اختیار دیا جارہا ہے ۔ لیکن یہ اس دفعہ کا منشاء نہیں ہے ۔

اب ایک چیز ایسی ہے جسپر جملہ ممبروں نے بہت زور دیا ہے ۔ دفعات ۷ اور ۳۳ ۔ چوروں پر کڑی نگرانی رکھنے کیلئے یہ دفعات وضع کئے گئے ہیں ۔ خود غرض لوگ نادان کلالوں سے بیجا فائدہ اٹھاتے ہیں اسلئے یہ دفعات وضع کئے گئے ہیں ۔ میں نے اس قانون میں جتنی ترمیمات پیش کی ہیں انہیں صدہا تجربات کے بعد پیش کیا ہے ۔ میں یہ واقعہ بتلاتا ہوں کہ اس کے وضع کرنے کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی ۔ ظاہر ہے کہ کلال تو بیچارے ان پڑھ اور جاھل ہوتے ہیں ۔ خود غرض لوگوں نے انہیں یہ ترغیب دی کہ مستاجروں کو رقم ادا نہ کریں ۔ مختلف تعلقات میں اس قسم کا پروپیگنڈہ کیا گیا ۔ اسکو بد قسمتی کہئے یا خوش قسمتی تعلقہ ورنگل اور تعلقہ حضور آباد میں یہ پروپیگنڈہ کسقدر کامیاب ہوگیا ۔ تراشنے والے کلال مستاجروں کو چھ مہینے تک ماھوار نہ دینے میں کامیاب ہوگئے ۔ اور جب معاملات کے ھراج کرنے کا موقع آیا تو مستاجروں نے سوال کرنے سے انکار کردیا ۔ مجھے اسکی اطلاع ملی ۔ میں خود وھاں پہنچا اور واقعات دریافت کئے ۔ اور

معلوم کیا کہ آخر ان لوگوں کے ہراج میں سوال نہ کرنے کی وجہ کیا ہے - مجھے معلوم ہوا کہ چند خود غرض اشخاص نے اپنا الو سیدھا کرنے کیلئے کلالوں کو اپنا آلہ کار بنایا - جسکی وجہ سے مستاجر معاملہ لینے سے انکار کررہے ہیں - انکا یہ عمل درست تھا - مستاجر دو تین ماہ کا بقایا سرکار میں داخل کئے تھے دو تین ماہ کا باقی رکھے تھے - اسکے بعد میں نے ان سے کہا کہ ہم تم کو رقم وصول کرنے میں قانونی امداد دینگے تم معاملہ لیلو - اس تیقن پر وہ لوگ معاملات حاصل کرنے رضامند ہوئے - یہ واقعات ہیں - خود غرض لوگ اپنا الو سیدھا کرنے کیلئے غریب کلالوں کو استعمال کررہے ہیں - اسلئے ایسے دفعات لانے پڑے اسکی وجہ سے اگر وہ خود غرض ناراض ہیں تو بجا طور پر ناراض کئے جاسکتے ہیں - لیکن میں پوچھتا ہوں آپ تو کلالوں کی بہبودی چاہنے والے ہیں - آپکو یا کلالوں کو ناراض ہونے کی کیا وجہ ہے - اس دفعہ سے ان پر کیا آفت آتی ہے - احتیاط کی خاطر ہمنے یہ دفعہ وضع کیا ہے - ہم یہ چاہتے ہیں کہ مستاجر کو جو رقم واجب الادا ہو وہ اسکو حاصل ہو - کیا ایسا کرنا بے ایمانی کی ترغیب دینا ہے - ہماری حکومت کی پالیسی لوگوں کو بے ایمان بنانے کی نہیں ہے - ہم ایماندار بنانا چاہتے ہیں - اگر اس دفعہ . . . . . .

**شری کنٹھ رام ریڈی** - کیا آپ نے مستاجر کو بے ایمان بنانے کا ٹھیکہ لیا ہے ؟

**شری کے - وی رنگا ریڈی** - ذرا صبر سے کام لیجئے - آپ کی بے ایمانی ہے یا مستاجر کی بے ایمانی ہے معلوم ہوجاتی ہے - میرے دوست غریب کلال - غریب کلال کہتے ہیں - اور ان کو مستاجروں کو فائدہ پہنچانا بے ایمانی معلوم ہوتا ہے - یہ مستاجر کون لوگ ہیں ؟ ہمارے ملک میں مستاجر کیسے ہیں میں بتلاتا ہوں - ہم آپ کے سامنے سفید سے سفید اور چمکدار چیز لا کر رکھتے ہیں تو چونکہ آپ کی آنکھوں پر تو لال عینک لگی ہوئی ہے وہ آپ کو سفید نہیں نظر آتی - آپ مستاجر کو دولت مند سمجھتے ہیں - آنریبل ممبر نلگنڈہ واقف ہونگے کہ نلگنڈہ میں تین چوتھائی مستاجر کلال ہیں - کیا آپ انہیں دولتمند سمجھتے ہیں - ممکن ہے مستقر تعلقات و ضلع کے چند مستاجر دولتمند ہوں - لیکن بالخصوص نلگنڈہ کے دیہات میں تین چوتھائی مستاجر کلال ہیں جو غریب ہیں - وہ بیچارے جاہل ہیں - سو میں سے ایک دو سفید پوش ہیں - کیا ان سب کو اس قانون سے مدد نہیں ملیگی - کیا یہ صرف دولتمندوں کو فائدہ پہنچانا ہے - اگر آپ ایسا نہیں سمجھتے ہیں تو میں کہونگا کہ بیشک ہم مستاجروں کو فائدہ پہنچائینگے - اور بلا تخصیص امیر غریب سب مستاجروں کو فائدہ پہنچانا چاہتے ہیں - امیر مستاجر ہو تو اسکو تو قانون کی پروا بھی نہیں رہتی - وہ اپنے زور سے کاروبار چلالیتا ہے - لیکن غریب مستاجر ہی کو قانون کی مدد لینے کی ضرورت پڑتی ہے - اسلئے آنریبل ممبرس کو یہ سمجھنا چاہئے دفعات ۲ و ۴۳ غریبوں کی مدد کیلئے ہیں دولتمندوں کیلئے نہیں ہیں - ممکن ہے کہ بعض اوقات اس سے دولتمندوں کو بھی فائدہ پہنچے . . . . .

**شری ایم ۔ بچیا (سر پور)** ۔ ورنگل اور حضور آباد کی جو مثال آنریبل منسٹر نے دی ہے وہاں کے مستاجر غریب ہیں یا امیر ؟

**شری کے ۔ وی رنگا ریڈی** ۔ ۔ واقعہ یہ ہوتا ہے کہ گاؤں میں ایک کلال معاملہ لیتا ہے ۔ ۹۹ آدمی اسکے ساتھ شریک ہوجاتے ہیں یہ سب کے سب تو غریب ہوتے ہیں ۔ اگر یہ ۹۹ آدمی واجب الادا رقم ادا کریں تب ہی تو وہ ایک کلال سرکاری رقم ادا کر کے معاملہ چالو رکھ سکیگا ۔ اگر معاملہ چالو رہے تو سب ہی کا فائدہ رہتا ہے ۔ دفعہ ۷ اور ۳۴ میں کیا ہے ۔ یہ تو نہیں ہے کہ اگر کوئی غریب ہے تو اسکا گھر لوٹ لینے کا حکم دیا گیا ہے ۔ اس میں صرف یہی ہے کہ اگر سرکاری رقم مستاجر کے ذمہ واجب الادا ہے تو سرکار کو مستاجر سے وصول کرنے کا اختیار رہیگا نیز ضامن اور ہر ایسے شخص سے وصول کرنے کا اختیار رہیگا جو اس معاملہ سے استفادہ حاصل کیا ہے یا کرتا ہے ۔ اور وہ بھی تابحد استفادہ معاملہ ۔ میں پوچھتا ہوں ایسا اختیار کیوں نہیں ہونا چاہئے ۔ ایک شخص معاملہ سے استفادہ تو کرتا ہے ۔ مگر رقم ادا نہیں کرتا خواہ وہ شکمیدار کی حیثیت سے ہو یا نوکر کی حیثیت سے یا غاصبانہ ، کیوں کہ مدراس سسٹم کے لحاظ سے تو شکمیداری نہیں ہے ۔ نوکر نامہ کی بناء پر وہ کاروبار کرتا ہے ۔ ہم نام کو اہمیت نہیں دیتے اس شخص سے اس حد تک رقم وصول کرنا جس حد تک کہ اس نے استفادہ کیا ہے ۔ کیا یہ واجبی نہیں ہے ؟ میں ایک تمثیل دیتا ہوں ۔ زید نے سرکار سے معاملہ حاصل کیا بکر اس کا کان پکڑ کر اسکو ہٹادیتا ہے اور معاملہ پر قابض ہوجاتا ہے ۔ اب زید سے رقم وصول کرنے جاتے ہیں تو وہ کہتا ہے کہ میں لاچار ہوں ۔ میں معاملہ سے بیدخل ہوگیا ہوں ۔ اگر بکر سے پوچھتے ہیں تو وہ کہتا ہے کہ میں نے آپ سے معاملہ نہیں کیا ہے آپ عدالت دیوانی میں جاؤ ۔ خدا کے فضل سے آج کل ایسے خود غرض اصحاب بہت سے پیدا ہوگئے ہیں جو مستاجر سے سازش کر کے محکمہ کو پریشان کرنا چاہتے ہیں ۔ اگر اسکو نظر انداز کردیا جائے تو اسطرح حکومت نہیں چل سکتی ۔ نظم و نسق معطل ہوجائیگا ۔ اسلئے جو شخص معاملہ پر قابض ہے خواہ وہ مستاجر کی رضامندی سے قابض ہوا ہو یا بلا رضامندی ۔ ہر صورت میں حکومت کے پاس وہ بھی ذمہ دار رہیگا ۔ اور اصولا ذمہ داری معاملہ پر ہوتی ہے ۔ معاملہ جس کسی کے قبضہ میں ہو اس سے رقم سرکاری حاصل کرنے کا سرکار کو حق ہونا چاہئے ۔ موجودہ کیبینٹ نے یہ اصول وضع نہیں کیا ہے بلکہ قدیم سے چلا آرہا ہے ۔ قانون مالگزاری سنہ ۱۳۱۷ ف میں مالگزاری کی وصولی کے لئے ایسے ہی احکام ہیں مالگزاری کی ذمہ داری آراضی اور اسکی پیداوار پر ہے ۔ جس کسی کے قبضہ میں وہ ہو سرکار کو اس سے مالگزاری وصول کرنے کا اختیار دیا گیا ہے ۔ یہ کوئی نئی بات نہیں ہے ۔ ظاہر ہے کہ جو شخص استفادہ کررہا ہو یا کیا ہو اس سے واجب الوصول رقم حاصل کرنے کا حق سرکار کو رہنا چاہئے ۔ اب یہ سوال معرض بحث میں نہیں آتا کہ آیا قابض دولتمند ہے یا غریب ۔ جہاں ہم مستاجروں یا دولتمندوں کو نوازتے ہیں وہیں غریبوں کو بھی نوازتے ہیں ۔

اگر غریب اور امیر میں امتیاز کرنے کیلئے کوئی دفعہ ہوتی تو یقیناً آپ اعتراض کرسکتے تھے - لیکن اسمیں ایسا نہیں ھے - ایک مستاجر دس لاکھ میں معاملہ حاصل کرتا ھے اس سے ایک شخص دس ہزار کا چھوٹا معاملہ حاصل کرتا ھے - اگر وہ یہ دس ہزار روپیے اس کو ادا نہ کرے ۵ ہزار ادا کر کے ۵ ہزار جیب میں اتار لے تو کیا یہ ایمانداری ھے؟ اگر ہم ایسی صورت میں مستاجر کی مدد کریں تو کونسی بے ایمانی ہوئی - اس میں تو ایمانداری کی باتیں کوٹ کوٹ کر بھردی گئی ھیں - اگر آپ کسی اور قسم کی ایمانداری کو چاھتے ھیں تو اس کے لئے کونسی دنیا موزوں ھے اسکو تلاش کرنا پڑیگا .......

**شری ایم - بچیا** - تو پھر آپ قابض کو ھی معاملہ کیوں نہیں دیدیتے ؟

**شری کے - وی - رنگا ریڈی** - ذرا صبر کیجئے میں اس پر بھی آتا ہوں - قابض کو کیوں نہیں دیتے - ہم تو دل سے چاھتے ھیں کہ غریب کا فائدہ ہو ہم کلالوں سے ھمدردی رکھتے ھیں - لیکن نام لیوا ھمدردوں سے ہم مجبور ھیں - ہم سے نام لیوا ھمدردی نہیں ہوسکتی - ہم نے اسطرح غریبوں کو دینے کی کوشش کی لیکن درمیان میں یہ نام لیوا آگئے -

اچھا - یہ ایک عجیب تماشہ ھے - معلوم ایسا ہوتا ھے کہ کچھ کہنا فرض ھے سمجھکر کچھ نہ کچھ کہا جاتا ھے - میں نہیں سمجھتا کہ حقائق کو نہیں جانتے - حقائق سب جانتے ھیں لیکن چاھتے یہ ھیں کہ حقیقت کچھ ھی کیوں نہ ہو مگر ھمیں کچھ نہ کچھ کہنا چاھئے - کہا گیا کہ پٹہ داروں کے حق مالکانہ کی رقم سے غیر پٹہ داروں کو فائدہ پہنچ رہا ھے - دوسری چیز اسکے متعلق یہ بیان کیگئی ھے کہ پٹہ دار کی زمین پر جو درخت ھیں انکو بلا نمبر تراشنے کی ذمہ داری پٹہ دار پر عائد کررھے ھیں اسطرح پٹہ داروں کو دبا رھے ھیں - یہ کس حد تک صحیح ھے سوچنے کی ضرورت ھے - پٹہ داروں کا تعلق درختوں سے کیا ھے - جو درخت اسکے پٹہ میں واقع ھیں پٹہ دار ان درختوں کی بابتہ کس قدر رقم حاصل کرتا ھے - دراصل پٹہ دار اور سرکار مشترک طور پر ان درختوں کی رقم کے حصہ دار ھیں - چار آنے پٹہ دار کو ملتا ھے اور بارہ آنہ سرکار کو - اسلئے کیا پٹہ دار پر یہ فرض نہیں ھے کہ وہ چوری کرنے والوں پر نگرانی رکھے - اگر کوئی کلال آکر مفت میں تراشتا ھے تو کیا اسکی ذمہ داری اسپر عائد نہ ہونی چاھئے - اگر ہم نے اسپر ذمہ داری عائد کی ھے تو کیا گناہ کیا - کہا گیا کہ کیا پٹہ دار وھاں رہتا ھے - جہاں جھاڑ ھیں - اسکے ساتھ ساتھ آپ یہ بھی کہتے ھیں کہ عہدہ داران آبکاری رشوت لیتے ھیں وغیرہ وغیرہ - ایسی صورت میں ہم نے عہدہ داران آبکاری کے ساتھ ساتھ پٹہ دار کو بھی اسکے انسداد کیلئے ذمہ دار کیا ھے تو کیا گناہ کیا - عوامی ممبر ہونے کی حیثیت سے آپکا بھی یہ فرض ھے کہ اس قسم کی برائیوں کے انسداد کی جانب رجوع رھیں - آپ پر بھی ذمہ داری عائد ہوتی ھے - اسمبلی کے ممبرس پر اگر قانوناً نہیں تو اخلاقی ذمہ داری ضرور ھے - انہیں چاھئے کہ وہ

ایسی ذمہ داریوں کو قبول کریں ۔ ایسی صورت میں غور کیجئے کہ جو شخص پیسہ لے رہا ہے گر اسپر ذمہ داری عائد کیگئی تو کیا برا ہوا ۔ اس کی بناء پر ایسی ذمہ داری کو ضروری سمجھتا ہوں ۔ مجھے ایکسال کا اس محکمہ میں تجربہ ہے ۔

**شریمتی آر نلہ کملا دیوی (آلیر)** ۔ ہم بھی تو ایک سال سے آپکے ساتھ ہیں ۔

**شری کے ۔ وی ۔ رنگاریڈی** ۔ کہا گیا کہ حق مالکانہ سرکاری خزانہ میں جمع کرنے کا حکم دیا گیا ۔ پیروی میں پٹہ داروں کا نودفیصد روپیہ ڈوب گیا ۔ انکو سرکار سے بہ آسانی حق مالکانہ نہیں ملتا ہے ۔ پہلے یہ ہوتا تھا کہ تراشنے والے پٹہ داروں سے خود تصفیہ کر کے درخت تراشی کیا کرتے تھے لیکن (۹۰) فیصدی پٹہ دار انکو رقم نہیں دیتے تھے ۔ میں نے اون غریب پٹہ داروں کے فائدہ کیلئے جو نود فیصد نقصان میں مبتلا ہورہے تھے یہ حکم دیا کہ سرکاری خزانے میں حق مالکانہ کی رقم جمع کی جائے ۔ اور پٹہ داروں کو ادا کی جائے ۔ آپ تو ہر وقت نکتہ چینی کرنے کی فکر میں رہتے ہیں ۔ اگر ہم نے یہ انتظام کیا کہ انکی رقم امانت میں رکھکر ذریعہ منی آرڈر انکے گھر پہنچادی جائے تو کیا برا ہوا ۔ ہمارا تجربہ بھی کم تھا ۔ دستور نیا نیا نافذ ہوا تھا اس طرح کا حکم دینے کے بعد دستور کے تحت یہ اعتراض پیدا ہوا کہ کوئی رقم سرکاری خزانے میں اماناتاً نہیں رکھی جاسکتی ۔ اس کی بنا پر حق مالکانہ کی رقم مد پختہ میں جمع ہوگئی اسکا نتیجہ یہ ہوا کہ استرداد کی کارروائیوں میں چھ چھ مہینے صرف ہونے لگے ۔ اسبارے میں میرے ہاں خطوط وصول ہوئے کہ سرکاری خزانہ تو شیر کے منہ کی طرح ہے کہ اسمیں جو چیز جاتی ہے نکل نہیں سکتی ۔ میں نے ان خطوط لکھنے والوں کو جواب دیا کہ عوامی حکومت کا خزانہ شیر کا منہ نہیں ہے بلکہ بکرے کا منہ ہے آپ اطمینان رکھیں جو رقم قابل استرداد شدنی ہے وہ آپکے گھر پہنچادی جائیگی ۔ میں نے چیف منسٹر صاحب سے خواہش کی کہ انفار ملی کیبینٹ کا اجلاس طلب کیا جائے ۔ چنانچہ طلب کیا گیا اور اب یہ تصفیہ ہوچکا ہے کہ ایک سال کیلئے ایسی رقومات بطور امانت رکھی جائیں چیف منسٹر صاحب دہلی جانے سے پہلے میں نے یہ تحریک پیش کی ہے کہ پٹہ داروں کو ادا شدنی رقومات ذریعہ منی آرڈ روانہ کرنے کے احکام دئے جائیں ۔ ایک درخت کا حق مالکانہ دو آنے کم دو روپیہ ہوتا ہے وہ بھی پٹہ دار کو گھر بیٹھے پہنچائے جائینگے ۔ اسمیں کسی غریب کو نقصان نہیں ہونے پائیگا ۔ آپکو اسکا تجربہ اسوقت ہوگا جبکہ یہ رقوم پٹہ داروں کو مل جائینگی ۔ غریبوں کو فائدہ پہنچانے کا ٹھیکہ صرف اسمبلی کے چند ممبروں نے نہیں لیا ہے بلکہ اس میں ہمارا بھی حصہ ہے ۔ قولدار پر ذمہ داری اسلئے عائد کیگئی ہے کہ قولدار کو روپیہ میں بارہ آنے ملتا ہے اور پٹہ دار کو چار آنے تو کیا ایسی صورت میں قولدار کا فرض نہیں ہے کہ بلا نمبر تراشنے کی اطلاع دے ۔ اگر پٹہ دار ایک شخص کو قول دے تو وہ زمین کے پاس کیوں جائیگا قولدار سے زمین کا تعلق ہوجائیگا ۔ اور وہی زمین پر جاتا آتا رہتا ہے ۔ ایک آنریبل ممبر نے کہا کہ وہ زمین پر ہمیشہ نہیں جاتا ۔ صرف تین ماہ کاشت کیلئے جاتا ہے

میں سمجھتا ہوں کہ یہ بات جان بوجھکر کہی گئی ہے یا تجربہ نہونے سے کہی گئی ہے۔ زمین پر جزاً تری اور جزاً خریف یا ربیع کی فصل کاشت کیجاتی ہے اگر خشکی کی بھی کاشت ہو تو اس کو اپنی اراضی پر کاشت اور گھاس وغیرہ کی نگرانی کے لئے ہمیشہ جانے کی ضرورت ہوتی رہتی ہے۔ اسلئے نگرانی کی ذمہ داری اسپر عائد کرنا واجبی ہے ۔ یہ کہنا کہ تین مہینے میں ایک مرتبہ وہ زمین پر آتے ہیں اور کاشت کر کے گہر میں بیٹھ رہتے ہیں صحیح نہیں ہے ۔ پٹہ دار کاشت کرتا ہے تو پٹہ دار کو اور قولدار کاشت کرتا ہے تو قولدار کو ہمیشہ زمین پر جانا ہی پڑتا ہے ۔ اسلئے ہم نے ان پر ذمہ داری عائد کی ہے ۔ یہ کوئی گناہ نہیں ہے ۔ اسکے بعد یہ حملہ بھی کیا گیا ہے کہ ترمیم سے ہمارے مافی الضمیر کا پتہ چلتا ہے۔ ان ترمیمات سے ہمارے مافی الضمیر کا کیا پتہ چل رہا ہے ہماری امیر نوازی کا پتہ چل رہا ہے یا غریب نوازی کا ۔ کہا گیا کہ ہم نے اس قانون کو بنا کر خون چوسنے کا راستہ پیدا کیا ہے ۔ قولداروں کو حق مالکانہ کی جو رقم ملنی چاہئے نہیں مل رہی ہے وغیرہ ۔ حق مالکانہ کی رقم فی ضلع چھ سات لاکھ کی رقم ہوتی ہے ۔ اتنی بڑی رقم کو محفوظ رکھکر انکو گھر بیٹھے پہنچاتے ہیں تو کیا اسکو خون چوسنا کہا جاسکتا ہے ۔ تاہم استفادہ رقم کی وصولی کے احکام دئے گئے ہیں تو کیا گناہ ہوا ۔ آپکا منشاء یہ ہے کہ معاملہ سے استفادہ ایک کرے اور رقم دوسرے سے وصول کیجائے اگر اسکا نام انصاف ہے تو ہماری حکومت ایسے انصاف سے قاصر ہے ۔ ۲۰ اعتراضات ایسے تھے جنکا مجھے جواب دینا تھا میں نے دیا ہے ۔

دفعہ ۴۱ پر بھی اعتراض کیا گیا ہے ۔ میں نہیں سمجھتا کہ کچھ سمجھکر اعتراض کیا گیا ہے ۔ اگر سمجھکر اعتراضات کئے گئے ہوتے تو ایک دوسرے کے متضاد اعتراضات نہ ہوتے ۔ دفعہ ۴۱ میں یہ ہے کہ کوئی مستاجر کسی شخص کو چاہے وہ اپنے عزیز ہی کو کیوں نہ ہو بغیر منظوری کے معاملہ میں شکمیدار نہیں بناسکتا ۔ اس لئے اگر کوئی کہے کہ معاملہ میں میرا بھی حصہ ہے تو ہم اسکو نہیں مانینگے تاوقتیکہ اس نے منظوری حاصل نہ کی ہو ۔ معاملہ سے جو استفادہ کرتے ہیں ہم ان سے رقم لینگے ۔ معاملہ پر ہم نے رقم کی ذمہ داری عائد کی ہے ۔ کوئی حصہ دار ہے تو رہا کرے ۔ ہم تو اوس کی حصہ داری کو اوس وقت تک نہیں مانیں گے جب تک کہ وہ بحیثیت حصہ دار اپنا نام درج رجسٹر کرائے اور یہ نہ بتائے کہ اسکا حصہ چار آنے ہے دو آنے ہے یا کتنا ہے ۔ اسمیں آپکا کیا نقصان ہے ۔ اگر ایسی شرط نہ رکھتے ہوئے ہم کسی سے صرف یہ کہتے کہ ہمکو معلوم ہوا ہے کہ تمہارا بھی اس معاملت میں حصہ ہے لہذا تم بھی سرکاری رقم داخل کرو تو اوس وقت آپکو اعتراض ہوتا ۔ آپ یہ کہتے کہ اس سے آپ رقم کیوں وصول کرتے ہیں ایسی صورت میں آپکا اعتراض بجا ہوتا ۔ اس واسطے ہم نے یہ رکھا کہ جب تک کوئی حصہ دار ہم سے اس کی منظوری نہ لے حصہ دار تسلیم نہیں کیا جائیگا ۔ کوئی شخص چاہے تو پچاس حصہ دار بنالے لیکن وہ ہماری نظروں میں حصہ دار نہیں رہیگا جب تک ہم سے منظوری

نہ لے ۔ اور نہ ایسے حصہ دار پر کوئی ذمہ داری عائد کیجائیگی ۔ ہم نے یہ جو رکھا ہے بالکل بجا ہے ۔ اس کو " بوجھ " کیوں سمجھا جارہا ہے ۔ ہر ایک صاحب اس پر زور دے رہے ہیں ۔ میں نہیں سمجھتا کہ ایسا کہنے میں اون کا کیا مطلب ہے ۔ ایک چیز یہ بھی کہی گئی ہے کہ اگر کوئی خلاف ورزی ہوئی ہو اور ناجائز طور پر اشیاء منشی کسی کے قبضہ میں ہوں تو وہ چیز ضبط کرلینا چاہئے لیکن باربرداری کی چیزیں ضبط نہیں کرنا چاہئے ۔ گزشتہ مرتبہ جب قانون بنا تھا تو اسکے بعد کونسی باربرداری ضبط کئے ہیں ؟ حقیقت یہ ہے کہ اگر کوئی شخص موٹر میں سیندھی لائے تو فی گھڑا ساڑھے سات روپیہ سبوچہ واری محصول لیا جاتا ہے ۔ چونکہ بلا ادائی محصول کافی موٹریں آرہی تھیں اس لئے میں نے خاص طور پر نائب ناظم کو حیدرآباد میں متعین کیا ۔ اور مہتمم صاحب کا تبادلہ بھی کیا گیا لیکن ہراجات کی وجہ سے یہ تبادلہ ملتوی رہا ۔ اونکی خاص نگرانی کی وجہ سے تقریباً چھ موٹریں بلا ادائی محصول گرفتار ہوئیں ۔ اس سے واضح ہوگا کہ اگر ہم صرف سیندھی ضبط کرلیں اور موٹروں کو چھوڑدیں تو روزآنہ کئی موٹریں آیا کرینگی ۔ عام طور پر موٹر میں سیندھی لانے کے لئے معمولا فی موٹر ۲۰۰ روپیہ کرایہ لیا جاتا ہے توبلا ادائی محصول سیندھی لانے کیلئے دو سو روپیہ کرایہ لیا جاتا ہے ۔ اس وجہ سے کہ موٹر والے کو بھی جوکھم میں پڑنا ہوتا ہے ۔ نہایت احتیاط سے آبکاری کے عہدہ داروں کو بچاتے ہوئے سیندھی لانی پڑتی ہے ۔ یہ دفعہ کوئی نیا دفعہ نہیں ہے ۔ یہ وہی دفعہ ہے جسکو آپ نے سابقہ سشن میں منظور کیا ۔ اب اس میں یہ ترمیم لائی جارہی ہے تاکہ جرائم کی مزید روک تھام ہوسکے ۔ سات مہینوں میں تقریباً چھ موٹریں گرفتار ہوئیں ۔ جس میں آٹھ دن پہلے ایک موٹر گرفتار شدہ ہے وہاں آبکاری کے دو انسپکٹروں کو پکڑ کر زخمی کیا گیا ۔ اون کا ریوالور چھین لیا گیا ۔ اب تک وہ مقدمہ چل رہا ہے ۔ اس لئے باربرداری پر ذمہ داری عائد کیجائے تو زیادہ خلاف ورزی نہ ہوگی ۔ اسی چیز کے پیش نظر سزا میں بھی اضافہ کیا گیا ورنہ کوئی وجہ نہیں تھی ۔ گوڑہ سنگم سے ایک رسالہ شائع ہوتا ہے اس کے گزشتہ سالانہ جلسہ میں مجھے بھی دعوت دیگئی تھی ۔ انہوں نے مجھ سے کہا کہ آپ ٹری ٹو دی ٹیپر کی اسکیم کیوں عمل میں نہیں لاتے ۔ میں نے کہا کہ پولس ایکشن کے پہلے کے خیالات کو لیکر میں نے یہ اسکیم بنائی تھی ۔ لیکن اب انسان وہ انسان نہیں رہے جو پولیس ایکشن کے پہلے تھے ۔ ان کے دماغ اب بدل گئے ہیں ۔ اور میری اسکیم موجودہ دماغوں کے لحاظ سے کامیاب نہیں ہوسکتی ۔

**شری بی ۔ ڈی دیشمکھ** ۔ دماغ بدلنے کی بھی کوئی ترمیم لائیے ؟

**شری کے ۔ وی ۔ رنگاریڈی** ۔ آپ جیسے لوگ نہیں بدلے تو دوسرے کیا بدلینگے ۔ گزشتہ سال (۴۷) لاکھ روپیہ کی حد تک بلا نمبر اندازی درخت تراشنے والے گرفتار ہوئے تھے میں سمجھا تھا کہ خلاف ورزی میں کمی ہوجائیگی ۔ لیکن اس سال تقریباً (۴۴) لاکھ روپیہ کی حد تک بلا نمبر اندازی کے درخت تراشنے والے گرفتار ہوئے ۔ میری اسکیم سے

فائدہ اٹھانے کیلئے لوگوں میں نیتی کی ضرورت ہے ۔ اگر عوام میں یہ چیز نہ ہوتو اسکیم فیل ہوجائیگی ۔ اس اسکم کے تحت ایک مستاجر کے بجائے سو مستاجروں سے رقم وصول کرنا پڑیگا ۔ اس وقت تاڑ کے فی درخت کی قیمت (۹) روپیہ اور سیندھی کے فی درخت کی قیمت ساڑھے سات روپیہ ہے ۔ قیمت اتنی کم ہونے کے باوجود اور اتنی دوادوی کے باوجود (۴۴) لاکھ کی چوری کیجاتی ہے ۔ میری اسکیم عمل میں آجائے اور خلاف ورزی ہو تو چارساڑھے چار کروڑ کی چوری ہونے کا امکان ہے ۔ اس واسطے کہ اس وقت درخت کی قیمت ۹ روپیہ اورسات روپیہ آٹھ آنے ہے ۔ میری اسکیم میں اس کی بجائے فی درخت ۷ اور ۹۰ روپیہ قیمت ہوجائیگی کیونکہ بیٹھک کی رقم بھی درخت پر عائد کیگئی اس وقت کوئی شخص بلا نمبراندازی کے ایک درخت تراشے گا تو نو روپیے دینے پڑینگے اور اسکیم کے تحت اگر کوئی شخص ایک درخت تراشے گا تو ۹۰ روپیہ ہونگے ۔ اس تناسب سے اگر ہم دیکھیں تو اسکیم فیل ہوجاتی ہے ۔ جب ہر شخص یہ سمجھنے لگے کہ یہ ملک میرا ملک ہے ۔ جو پیسہ میں دیتا ہوں وہ میرے ملک کو دیتا ہوں ۔ جب یہ نیک نیتی لوگوں میں آجائیگی اوس وقت اسکیم کامیاب ہوگی ۔ جس رسالہ کا میں نے ذکر کیا ہے اوس میں ایک تلنگی مضمون شائع ہوا ہے جسکا ترجمہ کر کے میں عرض کرونگا اسمیں یہ لکھا ہوا ہے کہ آبکاری کے منسٹر صاحب ہمارے سالانہ جلسہ میں آئے تھے ۔ اسکیم کے جاری کرنے کے سلسلہ میں وہ رکاوٹ بتاتے ہیں کہ عوام میں ابھی وہ خیالات نہیں پیدا ہوئے جو اس اسکیم کو کامیاب بنانے کے لئے ضروری ہیں ۔ منسٹر صاحب آبکاری اس سے واقف نہیں ہیں کہ ہم نے آج سے نہیں سولہ سال پہلے سے جب سے کہ مدراس سسٹم نافذ ہوا اوس وقت سے عہدہ داران آبکاری سے سازش کر کے برابر بلا نمبر اندازی درخت تراشتے آرہے ہیں ۔ اب بھی تراش رہے ہیں اور آئندہ بھی تراشینگے ۔ اس رسالہ کا نام جس میں یہ مضمون شائع ہوا ہے "گوڑہ پتریکا" ہے ۔ اسکی ایک کاپی میرے پاس بھی پڑھنے کے لئے بھیجی گئی ہے ۔ یہ ذہنیت جب تک باقی رہیگی "ٹری ٹو دی ٹیپر" کی اسکیم کامیاب نہیں ہوسکتی ۔ میں نے اس اسکیم کو مرتب کیا ہے اور دل سے مرتب کیا ہے ۔ میں نے اس کو کیبنٹ سے منظور کرایا ہوں ۔ وہاں اعتراضات ہوئے کہ یہ اسکیم کامیاب نہیں ہوسکتی ۔ میں نے اسکی تہیہ داری لی کہ اسکو کامیاب کرونگا ۔ لیکن بدقسمتی کی بات ہے کہ بعض لوگوں نے اس کو فیل کرنے کی کوشش کی ۔ لیکن اس سال میں نے ایک تعلقہ منتخب کر کے اس میں نافذ کروادیا یہ سمجھکر کہ چاہے اس میں گورنمنٹ کا نقصان ہی کیوں نہ ہو ۔ شکر ہے کہ کلالوں کے نام نہاد ہمدردوں کی نظر عنایت اس تعلقہ پر مبذول نہیں ہوئی اور وہاں وہ اسکیم عمل میں لائی گئی اور کامیاب ہوئی ۔ اور اگر سال بھر ان لوگوں کی توجہ اس طرف مبذول نہ ہوتو میں سمجھتا ہوں کہ یہ اسکیم کامیاب ہوجائیگی ۔ آج اگر مستاجر رقم ادا نہ کرے تو مستاجر کی جائداد ضبط کر کے رقم وصول کیجاتی ہے ۔ اسکیم میں ایک مستاجر کی بجائے سو مستاجر بن جاتے ہیں ۔ اس لئے اگر عوام خود تیار نہ ہونگے اور رقم ادا نہ کرینگے تو ہم اونکی جائدادیں کہاں تک ضبط کرتے جائینگے ۔ اسلئے یہ اسکیم کامیاب

مسلسل

نہیں ہو سکیگی ۔ ہم کب تک لوگوں کی جائدادیں ضبط کر کے معاملہ چلائینگے ۔ ابھی ملک اس اسکیم کے لئے تیار نہیں جسکی وجہ سے مجھے اس اسکیم کو بند کرنا پڑیگا ۔ ایک چیز یہ بھی کہی گئی ہے کہ خلاف ورزی کی سخت سزا رکھی گئی ہے ۔ اس کے متعلق میں اعداد و شمار بتاؤنگا کہ سنہ ۶۰ ف میں جب میں منسٹر نہیں تھا خفیہ بھٹی کی (۲۳۴۸) وارداتیں گرفتار ہوئیں ۔ گزشتہ سال سخت طریقے اختیار کئے گئے اور (۳۸۴۴) خفیہ بھٹی کی گرفتاریاں ہوئیں ۔ سال حال نو مہینوں میں (۴۲۶۹) گرفتاریاں ہوئیں ۔ خفیہ بھٹیوں کا معاملہ ایک مذاق بن گیا ۔ حال ہی میں نظام آباد کے کلکٹر اور مہتمم آبکاری نے ایک خفیہ بھٹی کو گرفتار کیا ۔ ملزم نے مذاق کیا کہ آپ یہ چیزیں ۔ یعنی گھڑا پائپ اور بانس وغیرہ کیوں لیجاتے ہیں مقدمہ عدالت میں چالان ہوگا اور چار پانچ روپیہ جرمانہ ہوگا تو اسکی ادائی کہاں سے ہوگی بھٹی لگانے کی چیزیں چھوڑ جائیے اسکی قیمت چند پیسہ کی ہے ۔ اوسکی ادائیگی کے لئے میری بیوی بوٹی لگائیگی ۔ لوگ بلا نمبر اندازی درخت تراشتے ہیں ۔ اس کے متعلق مضمون لکھا جاتا ہے کہ پہلے بھی تراشتے تھے ۔ اب بھی تراش رہے ہیں اور آئندہ بھی تراشینگے ۔ خفیہ شراب کی بھٹی گرفتار کی جاتی ہے ۔ ملزم کہتا ہے کہ جرمانہ کی ادائی اور مقدمہ کے خرچہ کے لئے بھٹی لگانا ضروری ہے ۔ پروھیبیشن کے متعلق ایک صاحب نے مہاتما گاندھی اور پنڈت نہرو کے اقوال بتائے ہیں ۔ میں ان کو مانتا ہوں ۔ یہ اقوال ہمارے لئے نئے نہیں ہیں ۔ لیکن اگر مالی حالت اجازت دے تو ہم پروھیبیشن کے لئے بھی تیار ہیں ۔ لیکن جب تک پروھیبیشن نافذ نہو ہم کو تو باقاعدہ انتظام رکھنا ہے ۔ پروھیبیشن ہم اسطرح لا رہے ہیں کہ سیندھی شراب زیادہ سے زیادہ مہنگی بنائی جارہی ہے ۔ ممکنہ تحدیدات عائد کئے جارہے ہیں ۔ دوکانات کم کر دئے جارہے ہیں ۔ پہلے کسی دوکان پر دو ہزار درختوں کی سیندھی فروخت ہوتی تھی تو اب دکانات کا راشن مقرر کر کے صرف پانچ سو درختان کی سیندھی فروخت کی جاتی ہے ۔ اس سے معلوم ہوگا کہ ہم سیندھی پینے کو جبراً نہیں روک رہے ہیں بلکہ قیمت بڑھا کر شرائط عائد کر کے حتی الامکان اس کو کم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ۔ اور اگر حالات اجازت دیں تو وہ وقت بھی آجائیگا جب کہ پروھیبیشن نافذ ہوگا ۔ لیکن اس وقت حالات کے تحت مجبور ہیں ۔ اس کے لئے حالات موافق بننے کی ضرورت ہے ۔ ایک چیز یہ بھی کہی گئی ہے کہ مستاجر سے تو پانچ سو جرمانہ لیا جاتا ہے اور رعایا خلاف ورزی کرے تو ایک ہزار روپیہ جرمانہ لیا جاتا ہے ۔ لیکن ایسا تو کسی دفعہ میں نہیں ہے ۔ یہ ضرور ہے کہ مستاجر سے پانچ سو روپیہ جرمانہ لینے کا ذکر ایک دفعہ میں ہے ۔ اور غیر لیسنس یافتہ یعنی خانگی شخص سے ایک ہزار روپیہ لینے کا ذکر ایک دوسرے دفعہ میں ہے ۔ لیکن ایک ہزار روپیہ لینے کا جو دفعہ ہے اسکے سمجھنے میں غلطی ہوئی ہے ۔ وہ کمپونڈنگ کی رقم ہے جرمانہ نہیں ہے ۔ جتنے خلاف ورزی کے مقدمات ہیں وہ قابل تحقیقات عدالت فوجداری ہوتے ہیں ۔ فوجداری عدالت ہی تحقیقات کرتی ہے اور جتنی سزائیں ہیں عدالت فوجداری ہی دیتی ہے ۔ آبکاری کے عہدہ داروں کو جرمانہ کا اختیار نہیں ہے ۔ یہ کمپونڈنگ

کی رقم ہے جو مصالحت کرنے کے لئے ہوتی ہے - جب ہم کسی شخص کو قانون کی خلاف ورزی میں گرفتار کرتے ہیں اور وہ کہتا ہے کہ سرکاری نقصان میں دیتا ہوں مجھے عدالت فوجداری میں چالان نہ کیا جائے تو ایسی صورت میں ناظم آبکاری کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ بجائے اسکے کہ چالان کیا جائے اوس سے نقصان لیکر چھوڑ دیا جائے۔ یہ بھی کس حد تک لے سکتے ہیں اس کی قید رکھی گئی ہے - اگر کوئی مستاجر نہ ہو یعنی وہ اجازت یافتہ نہو تو اوس سے ایک ہزار روپیہ تک لیکر مصالحت کرسکتے ہیں - اسطرح مصالحت کرنے کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ شخص فوجداری کی ذمہ داریوں سے بری ہوجاتا ہے - اگر وہ مستاجر ہے تو اوس سے پانچ سو نہیں بلکہ دس ہزار تک بھی کمپونڈنگ کی رقم لینے کا اختیار ہے۔ البتہ پہلے قانون میں غیر مستاجر سے دو سو روپیہ لینے کا اختیار تھا اوسے انسداد جرائم کی خاطر ایک ہزار تک کردیا گیا ہے -

اسکے بعد ٹری ٹو دی ٹیاپر کے تعلق سے کہا گیا ہے لیکن یہ سب بتلانے کیلئے کہا گیا ہے - بڑی بدقسمتی کی بات ہے کہ گزشتہ سال اس اسکیم کو تین تعلقوں میں رائج کرنے کیلئے تصفیہ کیا گیا تھا - میں ان تعلقوں میں جا کر آٹھ روز مقام کیا اور کلالوں کو یہ اسکیم سمجھانے کی حتی المقدور کوشش کی لیکن مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ وہاں چند اشخاص جو اپنے آپ کو پی - ڈی - یف کے کارکن بتلاتے تھے اسکے خلاف جد و جہد کی - جس مسافر بنگلہ میں میں ٹھرا تھا وہاں ۷-۸ ہزار کلال آئے تھے جنہیں میں سمجھارہا تھا - میں کمپونڈ کے اندر ایک چیز سمجھاتا تھا اور کلال کمپونڈ کے باہر جاتے ہی وہ لوگ دوسری چیز سمجھارہے تھے اور انکے دماغ میں یہ بات بٹھا دئے تھے کہ رنگا ریڈی بڑا ہوشیار ہے - معاملات آبکاری کو خوب جانتا ہے - وہ کسی نہ کسی طرح دھوکہ دیکر معاملہ تمہارے گلے میں باندھ دیگا - اسلئے اگر رنگا ریڈی فی درخت ۲۰ روپیے بولے تو تم دس روپیہ میں مانگو - اگر وہ دس روپیے بولے تو تم پانچ روپئے میں مانگو - بہرحال وہ جتنا کہے تو اسکے نصف میں مانگنا - کیونکہ ہراجات کی ملت ختم ہونے کیلئے صرف چھ دن باقی رہ گئے ہیں اسلئے وہ جھک مار کر تم ہی کو معاملہ دیگا -

**شری سی ایچ - وینکٹ رام راؤ (کریم نگر)** -آنریبل منسٹر کو یہ کیسے معلوم ہوا ؟

**شری کے - وی - رنگا ریڈی** - میرے سامنے کہا گیا - مجھے الہام نہیں ہوا - میں نے انہیں یہ سمجھانے کی کوشش کی کہ اگر گزشتہ سال ۲۰ روپیہ میں لئے تھے تو اس سال ۱۸ میں دونگا لیکن کمپونڈ کے اندر میری میٹنگ ہورہی تھی اور کمپونڈ کے باہر انکی میٹنگ ہورہی تھی جو یہ سمجھارہے تھے کہ نصف سے زیادہ میں نہیں مانگنا - اس لئے انکی سمجھ میں یہی ایک بات آئی کہ نصف میں مانگیں - چونکہ سال ختم ہونے کیلئے صرف چھ دن رہ گئے تھے اسلئے معاملات کو ہراج کرنے کا حکم دیکر میں بلدہ چلا آیا - ممکن ہے کہ میری باتوں کو بعض دوست صحیح نہ سمجھیں لیکن کم سے کم ضلع نلکنڈہ

کے آنریبل ممبروں کو اسکا علم ہے ممکن ہے کہ آنریبل ممبرس اس بات کو صاف طور پر نہ کہیں لیکن انکے دلوں میں تو اس بات کی تصدیق ہوتی ہے ۔ سالِ حال میں خود تو نہیں گیا لیکن ہراجات کے سلسلہ میں بطریق معمولی تعلقہ ہرکال میں اس اسکیم کو نافذ کرنیکا حکم دیا ہوں جس سے ممکن ہے کہ کچھ کم ہو یا دوسرے معاملات کے مطابق ہو ۔ الکشن ہوکر ایک زمانہ گزر گیا ہے لیکن بعض صاحبین نے یہ کہا کہ الکشن ہی کے لئے یہ نعرہ لگایا گیا ہے ۔ اگر انہیں یہ غلط فہمی ہے تو انہیں اس غلط فہمی میں رہنے دو ۔ لیکن کلالوں کوتو معلوم ہوگیا ہے کہ ہم نے کانگریس حکومت کی بات نہ سنکر غلطی کی ہے ۔

میرے دوستوں نے یہ بھی کہا کہ میں نے بہت زیادہ رقم پر درخت دئے ہیں ۔ لیکن آپکو معلوم ہونا چاہئے کہ ٹری ٹو دی ٹیاپر کی اسکیم مفت تقسیم کرنے کیلئے نہیں ہے اس سے پہلے بھی میں نے یہ کہا ہے اور اب بھی یہ کہتا ہوں کہ یہ اسکیم میں نے درمیانی مستاجرین کو ختم کرنے کیلئے بنائی ہے ۔ میں کسی صورت میں بھی گورنمنٹ کو نقصان نہ ہونے کے لئے کیبنٹ میں اسکی ذمہ داری لی ہے ۔ مجھے صرف درمیانی لوگوں کو ختم کرنا ہے اور میں چیلینج کرتا ہوں اگر کوئی اس کے خلاف بتلائے ۔

**شری سی - ایچ - وینکٹ رام راؤ** - جہاں نام ایوا نہیں تھے وہاں کیوں اس اسکیم کو عمل میں نہیں لایا گیا ؟

**شری کے - وی - رنگا ریڈی** - کہاں تھے کہاں نہ تھے میں جانتا ہوں - آپ تو اجیٹیشن کرنا چاہتے ہیں ۔ ذمہ داری میرے سر پر ہے ۔ مجھے ذمہ داری کو پورا کرنا ہے ۔

ترمیمات سے متعلق جو جوابات دینا تھا وہ تو ختم ہوگئے ۔ اب دوسرے اعتراضات کا میں جواب دیتا ہوں ۔ آنریبل ممبرس بڑی آواز میں بیاک ورڈ کلاسس اور کلال ۔ کلال ۔ کلال بول رہے تھے ۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ کسی فرقہ کی پرورش کیلئے گورنمنٹ نہیں ہے ۔ ہاں غریب کی مدد ضرور کرتی ہے ۔ غریبوں کی مدد کرنے کیلئے گورنمنٹ ہر قسم کی قربانی کرسکتی ہے ۔ لیکن کلال ۔ بحیثیت فرقہ کی حیثیت سے کلالوں کی مدد کرنے کیلئے گورنمنٹ نہیں ہے ۔ آپ نے یہ کہا ہے کہ کلال کو نقصان پہنچ رہا ہے ۔ غریب کو نقصان پہنچ رہا ہے ۔ اگر اس قانون کے دفعات میں ایسا ہے تو آپ ترمیم لائیے ۔ میں ضرور اسکو قبول کرونگا ۔ آپ تو یہ کہہ رہے ہیں لیکن کلال پیسہ اپنے جیب سے نہیں دیتا ۔ کلالوں میں یہ مثل مشہور ہے کہ " تاڑ کا پیسہ پینے والا دیتا ہے " انکے پاس ضرب المثل ہے ۔ وہ کہتے ہیں کہ اگر رقم بڑھ گئی ہے تو ہمارا کیا ۔ اگر وہ معاملہ دس روپیے میں لئے ہیں تو محنتانہ کے پانچ روپیے لگاکر پندرہ میں بیچتے ہیں ۔ اگر پندرہ میں لیتے ہیں تو بیس میں بیچتے ہیں ۔ یہاں پارچہ فروش ہیں وہ کیا کرتے ہیں ۔ جس زمانے میں روپیہ میں چار گز کپڑا تھا اس زمانے میں بھی فی روپیہ ایک آنے منافع سے لئیں۔ چار گز کپڑے پر

چار آنے ملتے تھے تو آج بھی وہ چار گز کپڑا بیچکر چار آنے وصول کرتے ہیں ۔ اسیطرح کلال بھی درمیانی لوگ ہیں ۔ آپ رحم کیجئے ان لوگوں پر جو دن بھر محنت کرتے ہیں اور پسینہ ٹپکا کر جو پیسہ کمائے ہیں وہ لا کر ان کلالوں کو بھی دیتے ہیں اور گورنمنٹ کو بھی دیتے ہیں ۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جس زمانے میں ایک روپیہ کو دس جھاڑ تھے اس زمانے میں کلالوں کو کیا مل جاتا تھا اور اگر اب پچاس روپیہ میں دس جھاڑ ہیں تو انہیں کونسی مصیبت ہے ۔ ان لوگوں کو اسوقت بھی محنت کے بابتہ دس روپیہ ملے اور اب بھی دس روپیہ مل رہے ہیں ۔

**شری ایم ۔ بچیا** ۔ میں آنریبل منسٹر سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ . . . .

(Loud voice)

**شری کے ۔ وی ۔ رنگا ریڈی** ۔ آنریبل ممبر کو غصہ میں آنے کی ضرورت نہیں ۔ آپ تشریف رکھئے ۔ میں سمجھاتا ہوں ۔ اگر کلال غریب ہیں تو حکومت کو اتنے ہی پیارے ہیں ۔ اگر برہمن غریب ہیں تو وہ بھی حکوست کو اتنے ہی پیارے ہیں ۔ غریبوں کی مدد کرنے کا حکوست کو ہر طرح خیال ہے ۔

ایک چیز بڑے زور و شور سے کہی گئی ۔ بنکٹ لعل بدروکا ہزاروں روپیہ سرکار کو باقی ہے وہ میرے دوست ہیں ۔ اس لئے ان سے بقایا وصول نہیں کیا جاتا ۔ میرے عزیز و دوست ایک پنگل وینکٹ راما ریڈی میرے ایک اور عزیز و دوست وی رنگا ریڈی اور ایک دوست ڈی ۔ ڈی ۔ اٹالیہ وغیرہ پر بھی لاکھوں روپیہ کا بقایا ہے ۔ ایسے کروڑ پتی بھی ہیں جن پر آٹھ آٹھ دس دس لاکھ روپیہ کا بقایا ہے ۔ یہ سب میرے دوست ہی ہیں ۔ میں بچپن ہی سے حیدرآباد میں ہوں اور وکیل ہوں ۔ انکے مقدمات میں وکالت کیا ہوں ۔ ایک بنکٹ لعل ہی کا نام کیوں لیا جارہا ہے ۔ گزشتہ سال میں انکو بلا کر سپلائی شراب کا معاملہ دیا تھا شائد اسلئے کہا جارہا ہوگا ۔ ان بقایوں کے متعلق کیا کارروائی ہورہی ہے اگر آپ دفتر میں آکر دیکھیں تو پتہ چلیگا ۔

**شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے (اپا گوڑہ)** ۔ یہیں فرما دیجئے ۔

**شری کے ۔ وی ۔ رنگا ریڈی** ۔ آپ پوچھتے جایئے میں بتلاتا ہوں ۔ بدقسمتی ہے کہ یہ بقایا مستاجرین کے ذمہ کئی سال سے چلا آرہا ہے ۔ میں نے ناظم صاحب سے دریافت کیا ہے اور ان کو حکم دیا ہے کہ سرکاری رقم کا بقایا معتبر لوگوں کے ذمہ دیکھکر میں برداشت نہیں کرسکتا ۔ ان سب لوگوں کو میں نے نوٹس دلوادی ۔ ان کا بیان ہے کہ فلاں معاملہ میں ہمارے پانچ لاکھ کے پرامیسری نوٹ ہیں ۔ فلاں معاملہ میں دو لاکھ روپیہ نقد جمع ہے ۔ اسکا حساب کر کے دیکھیں از روئے حساب باقی نہیں نکلتا اگر باقی برآمد ہو تو ہم ادا کرینگے ۔ اسکے بعد میں نے ناظم صاحب کو حکم دیا ہے کہ جب گورنمنٹ کے پاس روپیہ جمع ہے تو عمل جمع وخرچ کر کے صحیح بقایہ برآمد کیوں نہیں کیا جاتا ۔ جلد برآمد کیا جائے ۔ لیکن بدقسمتی کی بات ہے کہ کہیں مثل نہیں ملتی ۔ کہیں کرذمہ

نہیں ملتی - کیونکہ اس بقایا کا سلسلہ زمانہ سے چلا آرہا ہے - باوجود اس قسم کے حالات ہونے کے میں نے کہدیا ہے کہ اگر ایک مہینے میں حساب صاف نہوتو سب کی تنخواہ برآئندہ کرونگا - امید ہے کہ تھوڑے ہی عرصہ میں بقایوں کا تصفیہ ہوجائیگا - ہمارے معزز ممبران کہتے ہیں کہ فلاں کی طرف دس لاکھ باقی ہے - فلاں کی طرف بارہ لاکھ باقی ہے - ممکن ہے اسطرح رقم باقی ہو - آپ جو کہتے ہیں وہ کلیتاً غلط نہیں ہے - لیکن بات ایسی ہے کہ کسی زمانے میں گلبرگہ کے معاملہ میں ایک مستاجر نے پانچ لاکھ روپیہ کے پرامیسری نوٹس تحت دھڑوت جمع کردے تھے اور دوسرے ضلع میں دو لاکھ نقد جمع کئے تھے تو ممکن ہے کہ اسمیں سے پھر ایک، دو لاکھ کسی معاملہ کے اقساط میں مجرا ہوے ہوں یا اسکے ذمہ بقایا ہو - لیکن مجھے جمع و خرچ کا عمل کرکے صحیح بقایا بتلانا پڑیگا اسکو جلد بتلانا یہ مشنری کی کارکردگی پر منحصر ہے آج اگر ہمارے منسٹر بدل گئے ہیں لیکن مشنری نہیں بدلی - اور اسی مشنری سے ہمیں کام لینا ہے - جتنی بھی تیزی کرسکتے ہیں ہم کررہے ہیں - ممکن ہے کہ آنریبل ممبر میری جگہ ہوتے تو مشنری میں بھی ایسی تبدیلی کردیتے جیسی تبدیلی کہ رشیا میں کی گئی ہے - لیکن موجودہ مشنری کو قائم رکھکر جیسا کام ہم لے رہے ہیں ویسا کام بھی نہیں لے سکتے تھے -

**شری وی - ڈی - دیشپانڈے** - شروع سال میں کتنا بقایا وصول ہوا ؟

**شری کے - وی - رنگا ریڈی** - ایسا سوال کرنا ہے تو آپ اسمبلی میں سوال لائیے - میں مواد حاصل کر کے جواب دونگا -

اب تھوڑی دیر باقی رہ گئی ہے لیکن ابھی بیس اعتراضات باقی ہیں - اسکو میں جلد ختم کردیتا ہوں - یہ اعتراضات ترمیمات سے متعلق نہیں ہیں - لیکن مجھے ان کا جواب دینا ضروری ہے - ایک آنریبل ممبر نے یہ اعتراض فرمایا کہ پولیس ایکشن کے زمانے کے بعد صرف مہتمم صاحب کی رپورٹ پر معاف دیگئی ہے - معاف دینے کے کیا وجوہات تھے میں انکا تذکرہ نہیں کرونگا کیونکہ اس سے تو میرے مقابلہ میں آپ اچھی طرح واقف ہیں - صرف مہتمم کی رپورٹ پر معاف دیگئی یہ واقعہ کے خلاف ہے - واقعہ یہ ہے کہ گورنمنٹ نے اسکے لئے اصول مقرر کیا ہے - یہ تو مسلمہ بات ہے کہ اس زمانہ میں لوگ معاملات چھوڑکر بیرون ملک بھاگ گئے کیونکہ اسوقت یہ ہوا کہ بعض کلالوں کے جھاڑ چڑھتے چڑھتے پھر کاٹے گئے - کسی کا ہاتھ کاٹا گیا - کسی کو قتل کردیا گیا - ان وجوہات کی بناً پر سنہ ۵۸-۱۳۵۷ ف یعنی قبل و مابعد قریب تر زمانہ پولس ایکشن کے معافیات کے بابتہ گورنمنٹ نے دو اصول مقرر کئے - ایک تو یہ کہ وہ زمانہ معین کیا جائے جس میں معاملہ بند رہا - دوسرے یہ کہ مقررہ راشن یعنی شراب کی صورت میں گیالن اور سیندھی کی صورت میں درخت ان میں سے کتنے کی کھپت ہوئی اور کتنا راشن بچ گیا - اس کے لحاظ سے کسقدر نقصان کا مجرا دینا چاہئیے - اسکے لحاظ سے معافی دیگئی - اس سے پہلے مہتمم

صاحب نے جو رپورٹیں دی تھیں انہیں منسوخ کردیا گیا - گورنمنٹ نے ناظم صاحب کو حکم دیا کہ ان اصولوں کے پیش نظر تحقیقات کر کے واجب الادا معافیات کی رپورٹ پیش کریں - چنانچہ ناظم صاحب نے اسکی جانچ کی - اور بورڈ میں کاروائی پیش کیا - بورڈ نے بھی اس کو جانچا - وہاں سے یہ مسئلہ فینانس میں اور بعد جانچ فینانس سے کیبینٹ میں پیش ہوا - ظاہر ہے اگر کسی کو ناظم صاحب پر بھروسہ نہ ہو - فینانس پر بھروسہ نہ ہو بورڈ پر بھروسہ نہو تو اسکو کیبینٹ پر بھی بھروسہ نہیں ہوسکتا اسکا علاج نہیں ہے - یہ اعتراض کیا گیا کہ صرف دولتمندوں کو معافیاں دیگئیں - میں آنریبل ممبرس کی یہ غلط فہمی دور کرنا چاہتا ہوں - بیشک ان معافیوں میں بڑے لوگ آگئے تھے - آپ پوچھینگے کیوں ؟ دیکھئیے حکومت نے تو کوئی طرفداری نہیں کی لیکن یہ ایک اصول ہے کہ ,, قانون غافلوں کی مدد نہیں کرتا ،، گورنمنٹ نے جو معافی کا اعلان کیا تو جو رجوع ہوئے انکی معافی کی کاروائی کیگئی - پہلی بار ایک سہینے کی مہلت دیکر اعلان کیا گیا دوسری دفعہ اعلان کیا گیا اس وقت بھی کچھ لوگ رجوع ہوئے - تیسری دفعہ بڑی اعلان ہوا - اس وقت بھی جو رجوع ہوئے انکی تحقیقات کیگئی - اخبارات اور جریدوں میں اعلانات ہوئے تھے - اس کی بنا پرجو رجوع ہوئے انکی تحقیقات ہوئی تھی - اس اثناء میں میں منسٹر ہو گیا - کانگریس میں کام کرنے کی وجہ سے میں جانتا تھا کہ کیا آفتیں برپا ہوئی ہیں - میں اس کارروائی کی طرف متوجہ ہوا - فینانس میں یہ کاروائی مکمل ہو کر کیبینٹ میں آنے کے اثنا میں میں نے دیکھا کہ اس میں غریبوں کی تعداد بہت کم ہے - اس لئے میں نے کیبینٹ میں دوسری تحریک پیش کی کہ تقریباً ایک کروڑ روپیے کی معافی تو دیگئی ہے لیکن اس میں غریب لوگ کم ہیں - وہ جاہل انپڑھ ہونے کی وجہ سے رجوع نہیں ہوسکے - اسلئے انہیں موقع ملنا چاہئے - گو ہمنے جو اعلان کیا تھا اس کے لحاظ سے نہ تو غریب اور امیر کا امتیاز کیا جاسکتا تھا اور نہ کیا گیا تھا - چونکہ اخبارات اور جریدے غریب نہیں پڑھتے ہیں - میں نے چیف منسٹر صاحب سے کہا کہ آپ کسطرح سمجھتے ہیں کہ غریب اس اعلان سے واقف ہو گئے ہیں - یہ مسئلہ کیبینٹ میں پیش ہوا کیبینٹ کے ممبرس نے اسکو مان لیا اور یہ طے کیا کہ ان سب لوگوں کو جو ان سنین میں باقی دار ہیں انفرادی طور پر نوٹس دیجائے - جو لوگ چھوٹ گئے تھے انکا تختہ بنایا گیا اس سے ظاہر ہوا کہ ۴۰ لاکھ روپیے کے باقیدار چھوٹ گئے تھے - ان لوگوں کو انفرادی نوٹسیں دیکر معافیات کے تصفیہ کرنے کی نوٹس دی جاری ہے - اگر وہ رجوع ہونگے تو انکو بھی معافی ملیگی - آنریبل ممبر جنہوں نے اعتراض کیا ہے کہ غریبوں کو معافی نہیں ملی ہے مالداروں کو معافی ملی ہے معلوم کرسکتے ہیں کہ صحیح واقعہ کیا ہے ......

شری وی۔ ڈی۔ دیشپانڈے۔ یہ فیصلہ کب ہوا ہے ؟

شری کے - وی - رنگا ریڈی - مارچ میں ہوا ہے - تو بہرحال صرف زبان سے یہ کہنا کہ ہم ہی غریبوں سے ہمدردی رکھتے ہیں دل میں کچھ بھی ہو ہمدردی کے با تھیکا

یہ صحیح معیار نہیں ہے ۔ ہر شخص کے عمل کو دیکھنے کی ضرورت ہے ۔ کسی کو بدنام کرنا ہوتو یہ کہدینا کہ یہ صرف سرمایہ داروں کی تائید کرتا ہے ۔ غریبوں کی مدد نہیں کرتا بہت آسان ہے لیکن صحیح نتیجہ صرف عمل ہی سے اخذ کیا جاسکتا ہے ۔ اگر آپ اعمال کو دیکھینگے تو معلوم ہوگا کہ کانگریس کی گورنمنٹ نے غریبوں کیلئے کیا کیا ہے ۔

ایک صاحب نے یہ بھی کہا کہ گزشتہ سشن میں کہا گیا تھا کہ خلاف ورزیوں کا انسداد ہوگیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں آنریبل ممبر کو غلط فہمی ہوئی ہے ۔ میں نے ایسا نہیں کہا تھا بلکہ یہ کہا تھا کہ کانگریس گورنمنٹ آنے کے بعد سے تین چوتھائی حد تک رشوت ستانی اس محکمہ میں کم ہوگئی ہے ۔ یہ نہیں کہا تھا کہ خلاف ورزیوں کا انسداد ہوگیا ہے البتہ یہ کہا گیا تھا کہ خلاف ورزیوں کو روکنے کی ممکنہ حدتک کوشش کیجارہی ہے ۔ اگر آپ خلاف ورزیوں کی تعداد دیکھیں تو اس کا آپ کو اندازہ ہوسکیگا میں آپ کو بتلاتا ہوں ۔ سنہ ۱۳۶۰ف میں ۲۳۴۸ بھٹیاں خلاف ورزی میں گرفتار کی گئیں ۔ ۱۳۶۱ف میں ۴۸۴۴ بھٹیاں اور اس سال نو مہینوں میں ۴۲۰۹ بھٹیاں گرفتار ہوئی ہیں ۔ اسی طرح بلا نمبر درخت تراشے جانے والے خلاف ورزیوں کے واردات کی تعداد سنہ ۱۳۶۰ف میں ۴۱۹۵ اورسنہ ۱۳۶۱ف میں ۸۸۳۳ اورسال رواں کے نو مہینوں میں ۸۹۵۰ ہے ۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ خلاف ورزیوں کو گرفتار کرنے کی کس قدر کوشش کیجارہی ہے ۔ ان کوششوں کے باوجود مکمل انسداد نہیں ہورہا ہے ۔ اس میں شک نہیں کہ تعداد کچھ کم ہوئی ہے ۔ انکا موثر طور پر انسداد کیا جانا ضروری ہے ۔ اسلئے سزا میں ازدیاد ضروری ہے ۔

کہا گیا کہ ہم نے انجمن اتحادی کے قیام میں کلالوں کی مددنہیں کی ہے ۔ دوسرے لوگوں کو چھوڑ دیئجے لیکن وہ آنریبل ممبر جو کلالوں کی مدد کرنا چاہتے ہیں کسی وقت بھی ہم سے کلالوں کی انجمن اتحادی کے قیام میں مدد کی خواهش نہں کی ۔ حالانکہ گزشتہ سال میں نے گاؤں گاؤں جا کر کلالوں میں اسکا پرچار کیا تھا کہ انجمن اتحادی قائم کرو ۔ اور اسکے ذریعہ کام چلاؤ تا کہ سرمایہ داروں کو معاملات لینے کا موقعہ نہ ملے ۔ معاملہ تم خود انجمن اتحادی کے ذریعہ حاصل کرو ۔ میں خود اسکو چاہتا ہوں کہ ہرگاؤں میں انجمن ھائے اتحادی قائم ہوجائیں اور " ٹری ٹو دی ٹیپر " کی اسکیم بھی اس کے ذریعہ چل سکے ۔ لیکن افسوس کہ کوئی اسطرح کاروبار چلانے کیلئے آمادہ نہ ہوئے ۔ اگر اس کے لئے آمادہ ہوں تو ضرور مدد کیجائیگی ۔

کہا گیا کہ پولس والوں کو ساتھ لیکر رقومات وصول کیجاتی ہیں ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں یہ آج کل کا واقعہ نہیں ہوگا بلکہ اس زمانہ کا ہوگا جبکہ آبکاری کا عہدہ دار بلا پولس کی مدد کے ایک گاؤں سے دوسرے گاؤں میں نہیں جاسکتا تھا ۔ آبکاری کا عہدہ دار

تو کجا تحصیلدار بھی نہیں جاسکتا تھا ۔ میں اسکو تسلیم کرتا ہوں ۔ اگر کسی کو اس کا کریڈٹ ملتا ہے تو ملنے دیجئے ۔ لیکن وہ ایک وقت تھا پولس کو لیجانا پڑتا تھا ۔

یہ کہا گیا کہ مرافعہ اور نگرانی کا چارہ کار بند کردیا گیا ہے اسطرح ناانصافی ہوتی ہے۔ میں سمجھتا ہوں قانون آبکاری سے ناوقفیت کی بنا پر یہ اعتراض کیا گیا ہے ۔ عہدہ دار آبکاری کو ایسا کوئی اختیار نہیں دیا گیا ہے جس کے استعمال کی وجہ سے مرافعہ یا نگرانی کی ضرورت ہو ۔ البتہ صرف کمپونڈنگ یعنی مصالحت کا اختیار دیا گیا ہے ۔ وہ اس طرح کہ اگر کسی شخص کو خلاف ورزی قانون آبکاری میں گرفتار کیا جائے اور وہ کہے کہ میں نقصان سرکاری ادا کردیتا ہوں مجھے عدالت فوجداری میں چالان نہ کیا جائے ۔ اس کو ناظم آبکاری قبول کرسکتا ہے ۔ جبکہ ناظم کو یہ معلوم ہوجائے کہ وہ خلاف ورزی کرنے کا عادی نہیں ہے ۔ ایک دفعہ اس سے غلطی ہوگئی ہے اور وہ نقصان سرکار ادا کردینے آمادہ ہے تو چونکہ فریقین کی رضامندی سے مصالحت ہوتی ہے اسکے مرافعہ یا نگرانی کا سوال پیدا نہیں ہوتا ۔ اسکے سوا کسی اور صورت میں عہدہ دار آبکاری کو فیصلہ کر کے تاوان یا جرمانہ وغیرہ عائد کرنے کی اس قانون میں گنجائش نہیں ہے ۔ میں میرے دوست سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپ مرافعہ یا نگرانی کس چیز کے متعلق رکھنا چاہتے ہیں ۔ ایسا رکھنا فعل عبث ہوجاتا ہے ۔ اس قانون میں جتنی سزائیں بتلائی گئی ہیں وہ عدالت فوجداری صادر کریگی ۔ عہدہ‌دار آبکاری خلاف ورزی قانون آبکاری کی صورت میں ملزم کو گرفتار کر کے عدالت میں پیش کریگا ۔ اگر عدالت میں الزام ثابت نہو تو وہ چھوٹ جائیگا ۔ اس لئے نگرانی و مرافعہ کے لئے کسی دفعہ کی ضرورت نہیں ہے ۔

**شری بی - ڈی - دیشمکھ** - اگر ناجائز وصولی ہو یا تاوان زیادہ وصول کیاجائے تو . . .

**شری کے - وی - رنگا ریڈی** - اسکے نگرانی یا مرافعہ کا کیاسوال ہے ۔ اگر کہیں زیادہ رقم وصول کی جا رہی ہوتو یہ درخواست کیجاسکتی ہے کہ میرے ساتھ بے ایمانی کیجارہی ہے ۔ اس‌پر غور ہوگا ۔ اسکا نہ تو مرافعہ ہے نہ نگرانی ۔ نگرانی تو وہاں ہوتی ہے جہاں کسی حاکم کو فیصلہ کا اختیار ہو ۔ وہ فیصلہ صادر کرے ۔ کوئی فریق اس فیصلہ کو ناواجبی سمجھے ایسی صورت میں مرافعہ یا نگرانی ہوگی ۔

ہم نے اس قانون میں نہ کسی کو فیصلہ کرنے کا اختیار دیا ہے اور نہ کسی مقدمہ کی تحقیقات کرنے کا ۔ ایسی صورت میں مرافعہ و نگرانی کا حق دیا جانا فعل عبث ہے ۔ کسی چارہ کار کو ساقط کرنے کیلئے کوشش نہیں کیگئی ہے ۔ اس لحاظ سے میں عرض کرونگا اور آپ تمام صاحبین سے اپیل کرونگا کہ یہ قانون بالکل غیر ضرر رساں ہے اور امیروں کے مقابلہ میں غریبوں کیلئے زیادہ فائدہ رساں ہے ۔ آپکو یہ معلوم ہے کہ مالدار اور زبردست آدمی کو سرکار کی زیادہ مدد کی ضرورت نہیں ہے ۔ کمزور غریبوں کو زیادہ تر ضرورت ہوتی ہے۔ ہم نے غریبوں کی زیادہ تر مدد کیلئے یہ قانون بنایا ہے ۔ اس لئے میں آپ سب سے اپیل کرونگا کہ بلا کسی ترمیم کے بجنسہ اس قانون کو منظور فرمایا جائے ۔

*Mr. Deputy Speaker :* The question is :

"That L. A. Bill No. XIX of 1953, a Bill to amend the Hyderabad Abkari Act (No. I of 1316 F.) be read a first time."

The motion was adopted.

*Mr. Deputy Speaker :* We now adjourn till 2.00 p. m. tomorrow.

The house then adjourned till two of the Clock on Saturday, the 19th September, 1953.